وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار
ABC CERTIFEID

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | پیر 6 جولائی 2026ء، 19 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 307

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

آزاد کشمیر الیکشن میدان سج گیا

چوہدری، راجے، سیاسی اکھاڑے میں کود پڑے

852 امیدوار کانٹے دار مقابلے

24 رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کو ان کے انتخابی نشانات الاٹ کر دیے گئے، پاکستان بھر میں مقیم مہاجرین کی نشستوں پر 126 امیدوار آمنے سامنے

بیشتر حلقوں میں روایتی ون ٹو ون مقابلوں کی بجائے مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی، مسلم کانفرنس اور آئی پی پی کے درمیان مقابلے دیکھنے کو ملیں گے

اسلام آباد/مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے 27 جولائی کو ہونے والے عام انتخابات 2026 کے لیے سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں۔ الیکشن کمیشن آزاد جموں و کشمیر نے امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کر دی ہے، جس کے بعد انتخابی منظرنامہ مکمل طور پر واضح اور انتہائی دلچسپ ہوگیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق، آزاد کشمیر کے 45 انتخابی حلقوں سے مجموعی طور پر 852 امیدوار انتخابی میدان میں موجود ہیں، جبکہ 320 سے زائد امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے ہیں۔ کوٹلی (6 حلقے): سب سے زیادہ 135 امیدوار مدِ مقابل ہیں۔ پونچھ اور سدھنوتی (7 حلقے): 126 امیدوار انتخابی سیاست کا حصہ ہیں۔ مظفرآباد (5 حلقے): 126 امیدوار میدان میں موجود ہیں۔ میرپور (4 حلقے): 98 امیدوار قسمت آزمائی کر رہے ہیں۔ باغ اور حویلی (3 حلقے): 83 امیدوار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

آسٹریلوی کرکٹرز نے ٹی 20 ٹائٹل ریکارڈ ساتویں بار جیت لیا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ فائنل میں آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر ساتویں بار ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ لارڈز میں کھیلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

عوام کو خامنہ ای کیلئے روتا دیکھ کر حیران ہوں، ٹرمپ

چاہتے تو خامنہ ای کے جنازے میں موجود تمام افراد کو نشانہ بنا سکتے تھے

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہا گر چاہتے تو خامنہ ای کے جنازے میں موجود تمام افراد کو نشانہ بنا سکتے تھے۔ صدر ٹرمپ ایرانی عوام کی جانب سے آیت اللہ علی خامنہ ای کے لیے جذباتی اظہار دیکھ کر حیران رہ گئے۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایکسیوس کے صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو خامنہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

غیر ملکی خواتین کیس: تمام ملزمان کیساتھ یکساں سلوک ہوگا، ڈی آئی جی لاہور

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ پولیس مبینہ طور پر ایک سینئر حکومتی وزیر سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

مودی گرتی ساکھ کے باعث دباؤ کا شکار، خواجہ آصف

بھارت کی جانب سے مجھے ذہنی طور پر غیر مستحکم قرار دینے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی گزشتہ برس پاکستان سے شکست کے بعد اندرون اور بیرون ملک اپنی گرتی ہوئی ساکھ کے باعث شدید دباؤ کا شکار ہے جبکہ بھارت کی جانب سے میرے خلاف ذاتی حملوں سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بھارتی گمراہ کن پروپیگنڈا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

انگلینڈ، ویسٹ انڈیز دورہ
بابر اعظم ٹیسٹ کپتان مقرر

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کے دورے کے لیے 16 رکنی قومی اسکواڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

تہران، شہید ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای اور خاندان کے افراد کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

شہید آیت اللہ علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ ادا

شہداء کا مشن جاری رکھوں گا، ایرانی صدر

8 جولائی کو نجف اور کربلا میں تقاریب شیڈول، شہید سپریم لیڈر کو 9 جولائی کو مشہد میں سپرد خاک کیا جائے گا: قاتل اپنے انجام سے نہیں بچ سکیں گے، ایرانی آرمی چیف

ہر وعدے کو پورا کریں گے، حکومت شہداء کے مشن کی تکمیل اور شہید رہبر اعلیٰ کے افکار و اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیگی، مسعود پزشکیان

تہران (سٹاف رپورٹر) ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تہران میں نماز جنازہ کر دی گئی۔ شہید سپریم لیڈر کی صاحبزادی، بہو، داماد اور کمسن نواسی کی بھی نماز جنازہ ادا کی گئی، نماز جنازہ میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان، اسپیکر باقر قالیباف، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سمیت دیگر حکومتی شخصیات شریک ہوئیں، تہران کے امام خمینی مصلیٰ سینٹر کے باہر لاکھوں افراد موجود تھے، تہران میں فضا سوگوار، ہر آنکھ اشکبار ہے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای کا جسد خاکی سات جولائی کو قم منتقل کیا جائے گا، 8 جولائی کو نجف اور کربلا میں تقاریب شیڈول ہیں، شہید سپریم لیڈر کو 9 جولائی کو مشہد میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ گزشتہ روز شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور ان کے ساتھ شہید ہونے والے ان کے اہلِ خانہ کی میتیں تہران میں عوامی دیدار کے لیے رکھی گئی تھیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے شہید رہبر اعلیٰ کے مشن کو پوری قوت کے ساتھ آگے بڑھانے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ عوام سے کیے گئے ہر وعدے کو پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہید رہبر اعلیٰ نے اپنی پوری زندگی عوام کی خدمت، قومی خودمختاری اور اسلامی جمہوریہ ایران کے استحکام کے لیے وقف کیے رکھی۔ جبکہ ان کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ حکومت شہداء کے مشن کی تکمیل اور شہید رہبر اعلیٰ کے افکار و اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ ایرانی آرمی چیف میجر جنرل امیر حاتمی کا کہنا ہے کہ ایران کے سابق سپریم لیڈر شہید آیت اللہ خامنہ ای قتل کے ذمہ داروں کا تعاقب کیا جائے گا اور وہ اپنے انجام سے نہیں بچ سکیں گے۔ ایرانی آرمی چیف نے کہا کہ شہید سپریم لیڈر نے عزت، آزادی اور قومی وقار کا راستہ متعین کیا، جس پر ایران کی مسلح افواج پوری ثابت قدمی اور عزم کے ساتھ گامزن رہیں گی۔ جنرل امیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: ایئرفورس کے بہادر گروپ کیپٹن عاصم خاتون کو بچاتے ہوئے شہید

شاہین چوک کے قریب نامعلوم نوجوان مبینہ طور پر لڑکی کو زبردستی گاڑی میں بٹھانے کی کوشش کر رہا تھا

وزیر داخلہ محسن نقوی نے رپورٹ طلب کرلی، فائرنگ کرنے والے ملزم کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے، ہدایت



فائرنگ سے شہید ہوئے ایئرفورس کے گروپ کیپٹن عاصم طارق اور انکی گاڑی

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایئرفورس کے بہادر گروپ کیپٹن عاصم خاتون کو بچاتے ہوئے شہید ہوگئے ابتدائی اطلاعات کے مطابق گروپ کیپٹن عاصم نائنتھ ایونیو سے گزر رہے تھے کہ انہوں نے ایک موٹرسائیکل سے ایک خاتون کو اترتے ہوئے دیکھا جس کا ہاتھ موٹرسائیکل سوار کھینچ رہا تھا۔ رپورٹ کے مطابق گروپ کیپٹن عاصم ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے مڑ کر واپس آئے اور موٹرسائیکل کے قریب رکے جس پر لڑکی گاڑی کی دوسری طرف بھاگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

شہید کیپٹن کے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، آئی جی ناصر رضوی

کیس چیلنج تھا، ملزم لڑکی کو پارک لیجانا چاہتا تھا انکار پر فائرنگ کی، کیپٹن زد میں آگئے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) آئی جی اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ ایئرفورس کیپٹن کو فائرنگ کر کے شہید کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پی آئی ڈی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایئرفورس کے بہادر گروپ کیپٹن عاصم کو شہید کرنے کا واقعہ صبح 11 بج کر 21 منٹ پر پیش آیا، یہ واقعہ ہمارے لئے ایک چیلنج تھا جس کی فوری تفتیش شروع کی، ملزم محمد سعد عباسی اور نمرہ نامی خاتون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

گروپ کیپٹن عاصم کی قربانی کو ملک بھر میں خراجِ تحسین پیش

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) گروپ کیپٹن عاصم کی قربانی کو ملک بھر میں خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ قومی اور سوشل میڈیا پر انہیں خواتین کے تحفظ کے لیے اپنی جان قربان کرنے والے بہادر افسر کے طور پر یاد کیا جا رہا ہے، گروپ کیپٹن عاصم کی قربانی اس بات کی عکاس ہے کہ پاک فوج کے سپاہی صرف سرحدوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

نجی آپریٹرز کے تحت حج کرنیوالے حجاج کرام سے فیڈبیک طلب

کمپنیوں کیخلاف شکایات، یا تجاویز 20 جولائی تک جمع کروادیں، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال کے نجی آپریٹرز کے تحت حج کرنے والے حجاج کرام سے فیڈبیک طلب کر لیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

آبنائے ہرمز میں جہازوں سے سروس فیس وصول کرینگے، ایرانی سفیر

بیجنگ (صباح نیوز) چین میں ایرانی سفیر عبدالرضا رحمانی فضلی نے کہا ہے کہ تہران آبنائے ہرمز میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

ٹیلی کام بل سے کسی کی ذاتی زمین اور جائیداد پر زبردستی قبضہ نہیں ہوگا

شزا فاطمہ، اعظم نذیر

ٹیلی کام بل پر مالی بے ضابطگیاں، الزامات بے بنیاد، وزیراعظم سے کہا کہ انکوائری کرائی جائے، وفاقی وزیر انفارمیشن

نئے ٹیلی کام بل کا مقصد تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی ہے، اتفاق رائے سے قانون سازی کی جارہی ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ ٹیلی کام بل سے کسی کی ذاتی زمین اور جائیداد پر زبردستی قبضہ نہیں ہوگا، نجی پراپرٹیز کے حوالے سے کیٹیگریز طے کی جائیں گی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر شزا فاطمہ کا کہنا تھا کہ ٹیلی کام بل پر مالی بے ضابطگیاں اور دیگر الزامات بے بنیاد ہیں، وزیراعظم سے کہا کہ بل کے حوالے سے لگائے گئے الزامات کی انکوائری کرائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئے ٹیلی کام بل کا مقصد ملک میں تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

چینی شہریوں کی فول پروف سکیورٹی کیلئے مربوط نظام قائم

ایس ایس یو کا پہلا دستہ باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تعینات کیا گیا، پولیس حکام

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا پولیس نے چینی شہریوں کی فول پروف سکیورٹی کیلئے مربوط نظام قائم کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق اسپیشل سکیورٹی یونٹ (ایس ایس یو) کا پہلا کمانڈ اینڈ کنٹرول روم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ایس ایس یو کا پہلا دستہ باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تعینات کر دیا گیا ہے جہاں اہلکار چوبیس گھنٹے سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

گلگت بلتستان، ریمبو جھیل اور سرسبز پہاڑوں اور چمکتی دھوپ کا خوبصورت منظر

سونیا شمر نوشہرہ کی پہلی خاتون ڈی پی او تعینات

برطانیہ سے کریمنالوجی میں انٹرنیشنل فیلوشپ، ایشیا کی اعلیٰ خاتون آفیسر کا ایوارڈ بھی نام کیا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع نوشہرہ میں پہلی مرتبہ ایک خاتون کو ڈی پی او تعینات کر دیا گیا۔ سونیا شمروز برطانیہ سے کریمنالوجی میں انٹرنیشنل فیلوشپ حاصل کر چکی ہیں جبکہ سونیا شمروز ایشیا کی اعلیٰ خاتون آفیسر کا ایوارڈ بھی اپنے نام کر چکی ہیں۔ سونیا شمروز کو اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ سے ڈی پی او نوشہرہ تعینات کیا گیا، انہوں نے نوشہرہ کی پہلی خاتون ڈی پی او کا چارج سنبھال لیا۔

کراچی، کام کے دوران کرنٹ لگنے سے 27 سالہ نوجوان جاں بحق

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اورنگی ٹاؤن کے علاقے گلشنِ بہار میں اقصیٰ مسجد کے قریب دکان میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے 27 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ چھیپا حکام کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسرائیل کا اپنے فوجی اور دفاعی نظام امارات بھیجنے کا دعویٰ

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے حالیہ ایران جنگ کے دوران امارات میں آئرن ڈوم سسٹم اور درجنوں اسرائیلی فوجی بھیجے۔ یروشلم پوسٹ اور دیگر میڈیا آؤٹ لیٹس نے 26 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پمز کے داخلی دروازے پر لگائے گے چندے کے ڈبے

پمز میں آخرت کے خزانے کے نام سے چندہ کے ڈبے نصب

چندے کے ڈبے کی ملکیت کے بارے میں انتظامیہ سمیت کسی کو علم ہی نہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پمز ہسپتال کے داخلی اور خارجی راستوں پر آخرت کے خزانے کے نام سے چندہ کے ڈبے نصب کر دیے گئے ہیں جس کی ملکیت کے بارے میں انتظامیہ سمیت کسی کو علم ہی نہیں۔ ہسپتال میں جہاں لوگ اپنے پیاروں کے علاج کے لیے آتے ہیں اور ذہنی و جسمانی اذیت کا شکار ہوتے ہیں، ایسے میں اپنے پیاروں کے علاج کے لیے ہر طرح کی دعا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ پمز ہسپتال میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں افراد آتے ہیں اور صدقہ و خیرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

افغان رجیم میں سابق سکیورٹی اہلکاروں کیلئے زمین تنگ

پروان میں سابق افغان فوجی کمانڈر اغوا کے بعد بے دردی سے قتل

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) بدخشاں میں سابق نیشنل ڈائریکٹوریٹ آف سکیورٹی کے ڈپٹی ہیڈ عبدالجلیل جویا مسلح حملے میں جاں بحق ہو گئے۔ افغانستان میں سابق سکیورٹی ملازمین پر تشدد اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں شدت آ گئی ہے۔ معروف افغان جریدہ دی افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق بدخشاں میں سابق نیشنل ڈائریکٹوریٹ آف سکیورٹی کے ڈپٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اوپیک کا تیل کی پیداوار میں یومیہ ایڈجسٹمنٹ کا فیصلہ

یومیہ 1 لاکھ 88 ہزار بیرل تیل کی پیداوار میں ایڈجسٹمنٹ کی جائے گی، اوپیک

جدہ (آئی این پی) اوپیک پلس کے رکن ممالک نے تیل کی پیداوار میں یومیہ ایڈجسٹمنٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اوپیک کے مطابق معاہدے کے تحت یومیہ ایک لاکھ 88 ہزار بیرل تیل کی پیداوار میں ایڈجسٹمنٹ کی جائے گی، جس کا مقصد عالمی منڈی میں طلب و رسد کے توازن کو برقرار رکھنا ہے۔ اجلاس میں سعودی عرب، روس، عراق، کویت، عمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

امریکا میں مقیم پاکستانی ڈاکٹروں کو ملک میں نمائندگی دی جائیگی

احسن اقبال

طبی تعلیم اور تحقیق کے معیار کو عالمی سطح تک بہتر بنانے کیلئے وفاقی حکومت اپنا کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی

وفاقی وزیر پلاننگ کا فلوریڈا میں پاکستانی ڈاکٹروں کی تنظیم کے سالانہ اجلاس سے خطاب، پاکستانی ڈاکٹروں سے گفتگو

فلوریڈا (آئی این پی) امریکا میں مقیم پاکستانی ڈاکٹروں کو پاکستان میں نمائندگی دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ امریکا میں خدمات انجام دینے والے پاکستانی فزیشنز کی خدمات کے اعتراف میں انھیں جلد پاکستان میں باضابطہ نمائندگی دی جائے گی۔ فلوریڈا میں پاکستانی ڈاکٹروں کی تنظیم اپنا کے سالانہ اجلاس سے خطاب اور پاکستانی ڈاکٹروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی، قیدی وین سے فرار حوالاتیوں کو دوبارہ پکڑنے کا آپریشن مکمل

خصوصی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے آخری مفرور حوالاتی اسد کو بھی گرفتار کرلیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) قیدی وین سے فرار حوالاتیوں کی گرفتاری کے لیے راولپنڈی پولیس کا گرینڈ آپریشن مکمل ہوگیا، آخری مفرور حوالاتی اسد کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق راولپنڈی پولیس کی خصوصی ٹیموں نے واقعے کے فوری بعد ملزمان کی گرفتاری کے لیے آپریشن شروع کیا، 72 گھنٹے کے اندر 14 میں سے 13 مفرور حوالاتیوں کو گرفتار کر لیا گیا تھا اور اب 14 ویں مفرور حوالاتی کی گرفتاری سے مسلسل جاری سرچ آپریشن بھی ختم ہوگیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

آر ایس ایس کی بیرونی فنڈنگ بھارتی معاشرہ ہندوتوا نظریہ کی نذر

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بی جے پی کی سرپرستی میں خفیہ بیرونی فنڈنگ پر چلنے والی آر ایس ایس سمیت تمام انتہا پسند تنظیموں نے بھارتی معاشرے کو اپنی لپیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

مری ایکسپریس ہائی وے، کار کھائی میں جاری، 2 خواتین زخمی

مزید وجوہات کا تعین کرنے کیلئے متعلقہ اداروں نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

مری (آئی این پی) مری ایکسپریس وے پر دھنڈا پل کے قریب تیز رفتاری کے باعث ایک کار بے قابو ہو کر پل سے نیچے گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں کار میں سوار دو خواتین زخمی ہوگئیں۔ ریسکیو 1122 حکام کے مطابق حادثے کی اطلاع موصول ہوتے ہی ریسکیو اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

فلوریڈا، وفاقی وزیر احسن اقبال پاکستانی امریکن بزنس کمیونٹی سے خطاب کررہے ہیں

لاہور سے کراچی جانیوالی شالیمار ایکسپریس پٹڑی سے اتر گئی

28 ڈاؤن شالیمار ایکسپریس کی بوگی خانیوال کے قریب پٹڑی سے اتری

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور سے کراچی جانے والی 28 ڈاؤن شالیمار ایکسپریس کی ایک بوگی خانیوال ریلوے سٹیشن کے قریب پٹڑی سے اتر گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق بوگی پٹڑی سے اترنے کے باعث شالیمار ایکسپریس کو تقریباً ایک گھنٹے کی تاخیر کا سامنا کرنا پڑا، خوش قسمتی سے حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور تمام مسافر محفوظ رہے۔ حادثے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

مشرقی امریکا میں گرمی اور ہیٹ ویو سے 25 افراد ہلاک

واشنگٹن (آئی این پی) مشرقی امریکا میں گرمی اور ہیٹ ویو سے 25 افراد ہلاک ہوگئے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یوم آزادی پر امریکا کے مختلف علاقے شدید گرمی کی لپیٹ میں رہے، شدید گرمی کے باعث بجلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

رضا ڈار کیس جرم ثابت ہوا تو ملزمان کیلئے کوئی سیاسی مداخلت نہیں ہوسکتی

بیرسٹر عقیل

کیس کے مختلف زاویے ہیں، بروقت ایف آئی آر، ملزمان گرفتار، متاثرہ خواتین کو بازیاب کرایا گیا، سنگین الزامات ہیں

مریم نواز ہمیشہ کہتی ہیں قانون سب کیلئے برابر ہے، شفاف انکوائری جاری، ہمیں فوری جج جیوری نہیں بن جانا چاہیئے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ رضا ڈار کیس میں اگر عدالت میں جرم ثابت ہوجاتا ہے تو سزا کیلئے کوئی سیاسی مداخلت نہیں ہوسکتی، مریم نواز ہمیشہ کہتی ہیں کہ قانون سب کیلئے برابر ہے، غیر جانبدار شفاف انکوائری کا عمل جاری ہے، ہمیں فوری جج جیوری نہیں بن جانا چاہیئے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کیس کے مختلف زاویے ہیں، بروقت ایف آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی پولیس لائن میں سی پی او سید خالد ہمدانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب میں انہیں شیلڈ پیش کی جارہی ہے

5 جولائی ملکی تاریخ کا المناک باب، شیریں رحمان

اس دن آئین، پارلیمان اور عوامی مینڈیٹ کو شدید نقصان پہنچایا گیا

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیریں رحمان نے کہا ہے کہ 5 جولائی ملکی تاریخ کا ایسا المناک باب ہے جس نے آئین، پارلیمان اور عوامی مینڈیٹ کو شدید نقصان پہنچایا۔ نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے 5 جولائی 1977 کے یوم سیاہ پر پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ قائدِ عوام کی منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ایک لیٹر پیٹرول کی بنیادی لاگت 178 روپے 77 پیسے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں شامل لیوی، ٹیکسز اور مختلف مارجنز کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 76.118 روپے جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

ماحولیاتی خطرات اور سیلابی صورتحال!

وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ ماحولیاتی خطرات اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان قریبی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے ایک جامع روڈ میپ ترتیب دینے اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ اگرچہ حکومتی سطح پر یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ دونوں سطحوں پر ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں، لیکن زمینی حقائق اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ وفاق اور صوبوں، بالخصوص خیبر پختونخوا (کے پی کے)، گلگت بلتستان، اور آزاد کشمیر کے درمیان موسمیاتی ہم آہنگی اور تعاون کی شدید کمی ہے۔ یہ عدم تعاون ان حساس خطوں کے لیے نہ صرف نقصان دہ ثابت ہو رہا ہے بلکہ پورے ملک کی بقا کو داؤ پر لگا رہا ہے۔ موسمیاتی تبدیلیاں کسی سیاسی سرحد یا صوبائی حد بندی کی محتاج نہیں ہوتیں۔ جب گلیشیئر ز پگھلتے ہیں یا بادل پھٹتے ہیں تو اس کا اثر پورے ملک کے دریاؤں اور لائف لائن پر پڑتا ہے۔ پاکستان کے شمالی علاقہ جات یعنی گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور کشمیر اس وقت گلوبل وارمنگ اور ماحولیاتی تبدیلیوں کی فرنٹ لائن پر کھڑے ہیں۔ یہ وہ علاقے ہیں جہاں پاکستان کے پانی کے ذخائر اور گلیشیئر ز موجود ہیں۔ لیکن وفاق اور صوبائی حکومتوں کے درمیان روابط کے فقدان اور سیاسی کھینچا تانی کی وجہ سے ان علاقوں کو شدید نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تعاون کی اس کمی کا سب سے بڑا نقصان بروقت اور موثر "ارلی وارننگ سسٹم" کی عدم موجودگی یا اس کا غیر فعال ہونا ہے۔ جب وفاقی اور صوبائی محکمے ایک پیج پر نہیں ہوتے، تو گلیشیئر ز پگھلنے یا شدید بارشوں کی صورت میں معلومات کا تبادلہ سست روی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ان پہاڑی علاقوں میں اچانک آنے والے سیلاب معصوم جانوں کو نگل جاتے ہیں اور مقامی آبادی کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ ماضی میں سوات، کالام اور گلگت کے کئی اضلاع میں ہونے والی تباہی اس سٹریٹجک سستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ دوسرا بڑا نقصان بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور تعمیر نو میں شدید تاخیر کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ جب وفاق اور صوبوں کے درمیان فنڈز کی تقسیم، ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (NDMA اور PDMAs) کے درمیان ہم آہنگی اور پالیسی گائیڈ لائنز پر اتفاق نہیں ہوتا تو سیلاب یا زلزلوں سے تباہ ہونے والی سڑکیں، پل، سکول اور ہسپتال برسوں تک کھنڈر کا منظر پیش کرتے رہتے ہیں۔ کے پی کے اور کشمیر کے کئی علاقے آج بھی گزشتہ سیلابوں کے اثرات سے باہر نہیں نکل سکے کیونکہ امدادی کاموں اور ترقیاتی منصوبوں پر وفاق اور صوبے کے درمیان نوکر شاہی اور سیاسی اختلافات آڑے آتے رہے ہیں۔ مزید برآں، جنگلات کی کٹائی اور فضائی آلودگی جیسے سنگین مسائل پر کوئی یکساں پالیسی نافذ نہیں ہو پاتی۔ خیبر پختونخوا اور کشمیر میں بڑے پیمانے پر جنگلات کی غیر قانونی کٹائی ماحولیاتی بگاڑ کی ایک بڑی وجہ ہے۔ وفاقی حکومت بین الاقوامی معاہدوں کے تحت شجر کاری اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے پرعزم دکھائی دیتی ہے، لیکن صوبائی سطح پر نفاذِ قانون کے ڈھانچے کی کمزوری اور وفاق سے عدم تعاون کے باعث ان پالیسیوں کا زمین پر کوئی اثر نہیں دکھتا۔ اسی طرح سموگ اور فضائی آلودگی اب صرف پنجاب تک محدود نہیں رہی بلکہ خیبر پختونخوا کے شہری علاقوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے، مگر صوبوں کے درمیان صنعتی اور ماحولیاتی قوانین کی یکسانیت نہ ہونے سے یہ مسئلہ بدتر ہوتا جا رہا ہے۔ اس عدم تعاون کا ایک اور المناک پہلو سیاحت اور مقامی معیشت کی تباہی ہے۔ گلگت بلتستان اور کشمیر کی معیشت کا بڑا دارومدار سیاحت پر ہے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ان علاقوں کے قدرتی حسن کو گرہن لگ رہا ہے، لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات بڑھ رہے ہیں اور موسم غیر متوقع ہو چکے ہیں۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان ماحولیاتی موافقت کے لیے مشترکہ طویل المدتی منصوبوں کی عدم موجودگی کے باعث مقامی کمیونٹیز تنہا رہ گئی ہیں۔ زراعت، جو ان علاقوں کی لائف لائن ہے، موسموں کے بدلتے مزاج اور پانی کی غیر منصفانہ تقسیم یا کمی کی وجہ سے شدید بحران کا شکار ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کے سیاسی رہنما اس بات کو سمجھیں کہ ماحولیاتی بحران کسی ایک جماعت، صوبے یا حکومت کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پورے ملک کی بقا کی جنگ ہے۔ اگر آج ہم نے گلگت بلتستان کے گلیشیئر ز کو نہ بچایا، اگر کے پی کے اور کشمیر کے پہاڑوں پر شجر کاری کو قومی ایمرجنسی نہ بنایا، تو سندھ اور پنجاب کے میدان بھی صحرا بن جائیں گے اور سیلاب کی صورت میں پورا ملک ڈوب جائے گا۔ وزیر اعظم کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ مشترکہ روڈ میپ ناگزیر ہے، لیکن اس روڈ میپ کو صرف بیانات اور اجلاسوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ "مشترکہ مفادات کونسل" اور دیگر آئینی فورمز کا فوری استعمال کیا جائے جہاں تمام صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور وفاقی وزراء بیٹھ کر سیاست سے بالاتر ہو کر ایک "قومی ماحولیاتی ایجنڈا" تشکیل دیں۔ پاکستان کے پاس اب مزید غلطیوں یا تاخیر کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر وفاق اور صوبوں نے اب بھی مل کر ٹھوس اور عملی اقدامات نہ کیے تو قدرت کا اگلا وار اس سے بھی زیادہ ہولناک ہوگا، جس کی قیمت ہماری آنے والی نسلوں کو چکانی پڑے گی۔

عوام کا ریاست پر اعتماد!



حالیہ دنوں پنجاب اسمبلی میں پیش کیے گئے بعض مجوزہ بلوں پر سیاسی اور قانونی حلقوں میں شدید بحث دیکھنے میں آئی۔ ناقدین نے سوال اٹھایا کہ ایسے حساس معاملات پر اسمبلی کی کارروائی، سپیکر کے کردار اور پارلیمانی طریقہ کار کے بارے میں مزید وضاحت اور مؤثر بحث ہونی چاہیے جبکہ حکومتی مؤقف یہ رہا ہے کہ تمام قانون سازی آئینی اور پارلیمانی تقاضوں کے مطابق کی جا رہی ہے۔ اس اختلاف رائے نے یہ تاثر ضرور پیدا کیا کہ قانون سازی کے عمل پر عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔

اسی طرح وفاقی سطح پر سرکاری ضروریات کے لیے جائیداد کے حصول سے متعلق قوانین میں ممکنہ تبدیلیوں پر بھی مختلف آراء سامنے آئی ہیں۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ بعض اصلاحات کا مقصد انتظامی عمل کو مؤثر بنانا اور عوامی مفاد کے منصوبوں میں رکاوٹیں دور کرنا ہے، جبکہ ناقدین کا کہنا ہے کہ اگر نجی ملکیت کے حقوق اور قانونی تحفظات کو مناسب اہمیت نہ دی گئی تو ایسے اقدامات شہری حقوق اور ریاست کے درمیان اعتماد کو متاثر کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان معاملات پر شفاف پارلیمانی بحث اور عدالتی نگرانی کو جمہوری نظام کی بنیادی ضرورت سمجھا جاتا ہے۔

سیاسی منظرنامے میں حکمران اتحاد اور خصوصاً مسلم لیگ (ن) کے اندر اختلافات کی خبروں نے بھی سیاسی بے یقینی میں اضافہ کیا ہے۔ اگرچہ حکومت ان اختلافات کو معمول کی سیاسی مشاورت قرار دیتی ہے، لیکن سیاسی مبصرین کے مطابق داخلی اختلافات پالیسی سازی اور حکومتی یکسوئی پر اثر ڈال سکتے ہیں۔ ایسے حالات میں اپوزیشن کی مسلسل تنقید اور بڑھتی ہوئی سیاسی محاذ آرائی مجموعی ماحول کو مزید کشیدہ بناتی ہے۔

سیاسی عدم استحکام کا سب سے بڑا نقصان معیشت کو پہنچتا ہے۔ سرمایہ کار وہاں سرمایہ لگاتے ہیں جہاں قوانین میں تسلسل، سیاسی استحکام اور ادارہ جاتی اعتماد موجود ہو۔ جب حکومتی توجہ کا بڑا حصہ سیاسی کشمکش، احتجاج، قانونی تنازعات اور طاقت کی رسہ کشی پر صرف ہونے لگے تو معاشی اصلاحات، صنعتی ترقی، برآمدات اور روزگار کے مواقع پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔

جمہوریت کا حسن اختلاف رائے میں ہے، لیکن جمہوریت کی طاقت شہری آزادیوں، آزاد صحافت، پارلیمانی احتساب اور آئین کی بالادستی سے قائم رہتی ہے۔ اگر قانون سازی کے ہر عمل میں عوامی اعتماد، شفافیت اور بنیادی حقوق کا مکمل خیال رکھا جائے تو نہ صرف سیاسی تناؤ کم ہو سکتا ہے بلکہ ریاست اور شہریوں کے درمیان اعتماد بھی مضبوط ہوگا۔

پاکستان کو آج الزام تراشی سے زیادہ سیاسی بصیرت، ادارہ جاتی توازن اور معاشی ترجیحات کی ضرورت ہے۔ جب تک سیاسی استحکام کو قومی ترجیح نہیں بنایا جاتا، معاشی بحالی کے دعوے مطلوبہ نتائج حاصل کرنا مشکل رہیں گے۔ ایک مضبوط معیشت صرف اقتصادی پالیسیوں سے نہیں بنتی بلکہ اس کی بنیاد مستحکم سیاست، قابل اعتماد اداروں اور قانون کی یکساں حکمرانی پر استوار ہوتی ہے۔

پاکستان اس وقت صرف معاشی بحران سے نہیں بلکہ اعتماد کے بحران سے بھی گزر رہا ہے۔ جب سیاسی نظام میں بے یقینی، قانون سازی پر تنازع، اداروں کے درمیان اختلاف اور پالیسیوں میں عدم تسلسل پیدا ہو جائے تو اس کا پہلا اور سب سے بڑا اثر معیشت پر پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ملک میں سرمایہ کاری کم، کاروباری اعتماد متزلزل اور عوام مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کا شکار ہیں۔

اس تمام معاملے میں سب سے غیر معمولی پہلو وہ تھا جب پنجاب اسمبلی کے سپیکر نے خود ایوان میں کہا کہ انہیں اس بل کی پیشی اور قائمہ کمیٹی سے منظوری کے بارے میں آگاہ نہیں کیا گیا۔ اگر پارلیمانی قیادت ہی قانون سازی کے عمل پر سوال اٹھائے تو یہ صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں رہتا بلکہ قانون سازی کی شفافیت اور پارلیمانی نظم کے بارے میں بھی سنجیدہ سوالات پیدا کرتا ہے۔

وفاقی سطح پر بھی سرکاری ضرورت کے لیے جائیداد کے حصول اور ملکیتی حقوق سے متعلق قانونی تبدیلیوں پر بحث جاری ہے۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ اس قسم کی اصلاحات ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مفاد کے لیے ضروری ہیں، جبکہ ناقدین خبردار کرتے ہیں کہ نجی ملکیت کے آئینی تحفظ اور شہری حقوق کو کمزور کیے بغیر ہی ایسی قانون سازی ہونی چاہیے۔ یہی توازن ریاست کا امتحان ہوتا ہے۔

اسی دوران حکمران اتحاد اور خصوصاً مسلم لیگ (ن) کے اندر مختلف پالیسی معاملات پر اختلافات کی خبریں بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ اگرچہ حکومت انہیں معمول کی مشاورت قرار دیتی ہے، لیکن سیاسی مبصرین کا خیال ہے کہ جب اندرونی اختلافات، اپوزیشن سے مسلسل محاذ آرائی اور متنازع قانون سازی ایک ہی وقت میں سامنے آئیں تو اس سے سیاسی استحکام متاثر ہوتا ہے اور ریاست کی توجہ معاشی اصلاحات سے ہٹ جاتی ہے۔

یہ کہنا درست نہیں ہوگا کہ پاکستان کی معاشی مشکلات کی واحد وجہ سیاسی عدم استحکام ہے، کیونکہ توانائی، ٹیکس نظام، قرضوں کا بوجھ، برآمدات اور عالمی معاشی حالات بھی اہم عوامل ہیں۔ تاہم یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ مسلسل سیاسی کشیدگی ان تمام مسائل کے حل کو مزید مشکل بنا دیتی ہے۔ سرمایہ کار وہاں سرمایہ لگاتے ہیں جہاں قانون پر اعتماد، پالیسیوں میں تسلسل اور سیاسی استحکام موجود ہو۔

جمہوریت صرف اکثریت سے قانون منظور کرنے کا نام نہیں بلکہ اختلاف رائے کو جگہ دینے، پارلیمان کو مؤثر بنانے، شہری آزادیوں کے تحفظ اور آئین کی روح کے مطابق قانون سازی کا نام ہے۔ اگر قانون سازی کا عمل شفاف، جوابدہ اور وسیع مشاورت پر مبنی ہو تو نہ صرف سیاسی تناؤ کم ہوتا ہے بلکہ عوام کا ریاست پر اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے۔

سانحہ کاہنہ، ذمہ دار کون؟

تحریر؛ شاہزیب شاکر؛ گلبرگ کالج لاہور

سانحہ کاہنہ صرف ایک عمارت کی چھت گرنے کا حادثہ نہیں، بلکہ یہ ہمارے تعلیمی، انتظامی، تعمیراتی اور سماجی نظام کی کمزوریوں کا ایسا المناک استعارہ ہے جس نے ایک ہی لمحے میں چودہ معصوم جانیں نگل لیں۔ بستی عیدگاہ، آہلو والی گلی، کاہنہ میں ایک نجی ٹیوشن سینٹر کی خستہ حال چھت گرنے سے چودہ ننھے طلبہ جاں بحق جبکہ ٹیوشن پڑھانے والی خاتون اُستاد سمیت متعدد بچے زخمی ہو گئے۔ یہ منظر صرف متاثرہ خاندانوں کے لیے قیامت نہیں تھا بلکہ ہر صاحبِ دل انسان کے لیے ایک ایسا سوال بھی تھا جس کا جواب ہمارے نظامِ حکمرانی کے پاس آج تک موجود نہیں۔ کسی بھی معاشرے کی اصل دولت اس کے بچے ہوتے ہیں۔ جب یہی بچے غیر محفوظ عمارتوں، ناکافی سہولیات اور ناقص انتظامات کی نذر ہونے لگیں تو یہ صرف ایک حادثہ نہیں رہتا بلکہ ریاستی ترجیحات پر ایک سنگین سوالیہ نشان بن جاتا ہے۔ سانحہ کاہنہ نے ایک مرتبہ پھر یہ حقیقت آشکار کر دی کہ ترقی کے بلند و بانگ دعوؤں کے باوجود عوام کی بنیادی ضروریات، خصوصاً تعلیم، صحت اور محفوظ انفراسٹرکچر، اب بھی نظر انداز کیے جا رہے ہیں۔ حادثے کے فوراً بعد انتظامیہ، ریسکیو ادارے، تاجر برادری، سماجی کارکن، مذہبی و سیاسی شخصیات اور مخیر حضرات متاثرہ خاندانوں کے درمیان پہنچے۔ غمزدہ والدین کو تسلی دی گئی، کھانے پینے کا انتظام کیا گیا اور خاموشی سے مالی امداد بھی فراہم کی گئی۔ یہ جذبہ ہمدردی یقیناً قابلِ تحسین ہے، سوال یہ ہے کہ کیا ہر بڑے سانحے کے بعد صرف امدادی سرگرمیاں ہی ہماری اجتماعی ذمہ داری پوری کر دیتی ہیں؟ کیا بہتر نہ ہوتا کہ ایسے سانحات کو جنم دینے والے اسباب پہلے ہی ختم کر دیے جاتے؟

کاہنہ، جو وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کا انتخابی حلقہ ہے، گزشتہ کئی برسوں سے بنیادی سہولیات کی شدید کمی کا شکار ہے۔ پانچ سال گزرنے کے باوجود نہ سیوریج نظام کی مناسب دیکھ بھال کی گئی، نہ سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر و مرمت ہوئی اور نہ ہی مین ہولز سمیت دیگر عوامی مسائل پر کوئی سنجیدہ توجہ دی گئی۔ افسوسناک حادثے کے بعد جب وزیرِ اعلیٰ مریم نواز کے دورے کی خبر سامنے آئی تو اچانک انتظامیہ متحرک ہو گئی۔ دن رات صرف اسی گلی اور اردگرد کے محدود علاقے میں کام جاری ہے جہاں ان کی آمد متوقع ہے۔ ٹوٹی سڑکیں مرمت کی جا رہی ہیں، مین ہولز کے ڈھکن لگائے جا رہے ہیں، صفائی کی جا رہی ہے اور ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے کہ یہ تاثر دیا جا سکے کہ اس علاقے میں پہلے سے ترقیاتی کام جاری تھے۔ حالانکہ مقامی رہائشیوں کے مطابق یہ تمام سرگرمیاں صرف حالیہ دنوں میں شروع ہوئی ہیں، جبکہ باقی پورا علاقہ آج بھی وہی مسائل جھیل رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہی کام پہلے کر دیے جاتے تو کیا قیمتی جانوں کا ضیاع روکا نہیں جا سکتا تھا؟

اس سانحے نے کاہنہ کے سرکاری ہسپتال کی کمزوریاں بھی بے نقاب کر دیں۔ شہریوں کے مطابق ابتدائی طبی امداد کے لیے صرف ایک ڈاکٹر موجود تھا جبکہ ضروری طبی سہولیات بھی ناکافی تھیں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں صحت کے مراکز کا مضبوط اور فعال ہونا ناگزیر ہے، یہاں بھی وہی پرانا المیہ سامنے آیا کہ حادثہ پہلے پیش آیا اور انتظامات بعد میں تلاش کیے جانے لگے۔

یہ سانحہ صرف ایک عمارت کے گرنے کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک طویل عرصے سے جاری ناقص تعلیمی منصوبہ بندی کا بھی شاخسانہ ہے۔ کاہنہ اور اس کے گردونواح میں سرکاری سکولوں کی کمی، موجودہ اداروں کی ابتر حالت اور معیاری تعلیم تک محدود رسائی نے کم آمدنی والے والدین کو مجبور کر دیا کہ وہ اپنے بچوں کو محلوں میں قائم سستے نجی ٹیوشن مراکز بھیجیں۔ ان والدین کی خواہش صرف اتنی تھی کہ ان کے بچے بہتر تعلیم حاصل کر کے اپنی زندگی سنوار سکیں، غربت نے انہیں ایسے راستے پر لا کھڑا کیا جہاں تعلیم کی تلاش موت کے سفر میں بدل گئی۔

رپورٹس میں سامنے آنے والی بعض تفصیلات معاشرتی ناہمواری کی تلخ تصویر پیش کرتی ہیں۔ بتایا گیا کہ گرمی کی شدت کم کرنے کے لیے بدنصیب ٹیوشن سینٹر کی چھت پر اضافی مٹی ڈالی جا رہی تھی۔ دوسری طرف ٹیوشن پڑھانے والی خاتون اُستاد کے مالی حالات اس قدر محدود تھے کہ وہ نہ ایئر کنڈیشنر لگا سکتی تھیں، نہ ایئر کولر اور نہ ہی بجلی کے بڑھتے ہوئے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت رکھتی تھیں۔ یہ صورتحال کسی ایک فرد کی ناکامی نہیں بلکہ ایسے معاشی نظام کی عکاس ہے جہاں محنت کش اُستاد بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔

افسوسناک امر یہ ہے کہ سانحے کے بعد فوری طور پر غیر رجسٹرڈ اور غیر قانونی ٹیوشن سینٹرز کے خلاف کارروائی کی باتیں تو ہونے لگیں، پر اس بنیادی سوال پر سنجیدہ غور کم دکھائی دیا کہ آخر ایسے مراکز وجود میں کیوں آتے ہیں؟ ہر محلے میں معیاری سرکاری سکول، مناسب اساتذہ، محفوظ عمارتیں اور بچوں کے لیے سہولیات موجود ہوتیں تو والدین نجی ٹیوشن سینٹرز کا رخ کیوں کرتے؟ تعمیراتی قوانین پر سختی سے عمل درآمد ہوتا تو خستہ حال عمارتوں میں تعلیمی سرگرمیوں کی اجازت کیسے ملتی؟ مقامی ہسپتال مکمل سہولیات سے آراستہ ہوتے تو زخمی بچوں کو بروقت اور بہتر علاج کیوں نہ ملتا؟

یہ حقیقت بھی فراموش نہیں کی جا سکتی کہ محض چند افراد کو ذمہ دار قرار دے کر مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن، عمارتوں کی باقاعدہ جانچ، تعمیراتی ضوابط پر سخت عمل درآمد، مقامی ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، سرکاری سکولوں کی تعداد اور معیار میں اضافہ، اساتذہ کی مالی معاونت اور بجلی سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی کو قومی ترجیح بنایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کو بھی فعال بنایا جائے تاکہ وہ اپنے علاقوں میں قائم تعلیمی مراکز کی باقاعدہ نگرانی کر سکیں۔ کاہنہ شہر لاہور کا قدیم ترین علاقہ ہے جو آج تک کھیل کی میدانوں، پارکس اور قبرستانوں جیسی بنیادی ضروریات سے بھی محروم ہے۔

سانحہ کاہنہ ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ حادثات محض تقدیر کا لکھا نہیں ہوتے، بلکہ اکثر وہ اجتماعی غفلت، ناقص منصوبہ بندی اور مسلسل انتظامی کوتاہیوں کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ آج بھی ہم نے اس واقعے سے سبق نہ سیکھا تو خدشہ ہے کہ کل کسی اور شہر، کسی اور گلی اور کسی اور ٹیوشن سینٹر سے اسی نوعیت کی دل دہلا دینے والی خبر سننے کو ملے۔

چودہ معصوم بچوں کی شہادت محض اعداد و شمار نہیں بلکہ چودہ ایسے خوابوں کا خاتمہ ہے جن سے کئی خاندانوں کی امیدیں وابستہ تھیں۔ ان ننھی کلیوں کا سب سے بڑا خراجِ عقیدت یہی ہوگا کہ ریاست، معاشرہ اور متعلقہ ادارے وقتی بیانات اور نمائشی اقدامات سے آگے بڑھ کر ایسے موثر اور دیرپا فیصلے کریں جو آئندہ والدین کو اپنے بچے کی کتابوں کے ساتھ اس کا جنازہ اٹھانے پر مجبور نہ ہونے دیں۔ سانحہ کاہنہ، ذمہ دار کون؟ کیا یہ سوال صدیوں جواب کی تلاش میں رہے گا اور ہمیشہ کی طرح یہ دل خراش سانحہ بھی بھلا دیا جائے گا؟

پرائیویٹ حج سکیم کی عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی!



حج 2026ء کا پوسٹ حج آپریشن مکمل ہو چکا ہے سرکاری حج سکیم کے ایک لاکھ 18 ہزار اور پرائیویٹ سکیم کے 60 ہزار کے قریب حجاج کرام حج کی سعادت کے بعد وطن واپس آ چکے ہیں۔ سعودی حکومت نے گزشتہ سال کی طرح حج 2027ء کے لئے 14 ذوالحج کو مناسک حج کی تکمیل کے دوسرے دن سعودی تعلیمات اور ٹائم لائن جاری کر دی ہیں اس لئے وزارت مذہبی امور نے حج کے دوران ہی حج پالیسی کی تیاری جاری رکھی اور اب حج پالیسی ایک سال کی بجائے تین سال کی منظوری کے لئے کابینہ کو بھیج دی ہے منظوری کے ساتھ اعلان ہو جائے گا لیکن اس سے پہلے گزشتہ سال کی طرح رجسٹریشن کا خود ساختہ عمل جاری ہے۔ دلچسپ امر یہ ہے رجسٹریشن بھی صرف حج 2027ء کی نہیں ہو رہی بلکہ آئندہ تین سال کی ہو رہی ہے۔ سرکاری سکیم کا حج 2026ء کیسا رہا اس پر سارے گواہوں کے روبرو کالم تحریر کروں گا۔ وزارت کے یکطرفہ وسائل کے استعمال کے باوجود ٹارگٹ کا حصول ممکن کیوں نہیں ہو سکا؟ اس پر کم از کم دو کالم لکھنے کا ذہن بنا چکا ہوں۔ سعودی تعلیمات کے مطابق 2005ء سے شروع ہونے والی پرائیویٹ حج سکیم کے وزارت مذہبی امور میں موجود افسر اور اہلکار کیوں خلاف ہیں؟ پرائیویٹ سکیم کے حوالے سے اسے منافع بخش قرار دینے اور پھر اس کا کام کرنے والوں کے لئے جزا سزا کا نظام بنانے کی بجائے آج تک سزا کا نظام کیوں مسلط ہے، لوٹ مار صرف پرائیویٹ سکیم میں ہے؟ سرکاری سکیم میں سب دودھ کے دھلے ہوئے ہیں؟ سارا نظام شفاف ہے؟ تب یہ بات ہوگی اور تفصیل کے ساتھ ہوگی انشاء اللہ۔

آج صرف حج 2026ء میں دنیا بھر سے پرائیویٹ سکیم کے 1016 منظمین کی بات کرنی ہے جنہوں نے سعودی تعلیمات اور ٹائم لائن کے پل صراط کو عبور کرتے ہوئے حج 2026ء جسے ذاتی طور پر آسان قرار نہیں دے سکتا یقینا آسان حج نہیں تھا اس سے بھی بڑھ کر حج 2026ء کی انفرادیت پر بھی ہے اس میں بڑی تعداد ان عازمین کی بھی ہے جو ٹائم لائن کی وجہ سے حج 2025ء کی سعادت سے محروم رہے اور پاکستانی وزارت مذہبی امور نے سعودی تعلیمات کو جواز بنا کر ان محروم رہنے والے عازمین کا ذمہ دار بھی پاکستانی حج آرگنائزر کو قرار دیا اور ساتھ شرط رکھ دی 2025ء کے لئے وصول کی گئی پیکیج کی رقم میں آپ انہیں حج 2026ء کرائیں گے مزید پیسے بھی نہیں لیں گے۔ ایران، امریکہ اسرائیل کشیدگی کی وجہ سے فیول مہنگا ہونے کے باعث حج ٹکٹ کتنی مہنگی ہوئی سعودی طوافہ کمپنیوں، ٹرانسپورٹ کمپنیوں اور ہوٹلز نے 2025ء کے مقابلے میں حج 2026ء کے لئے قیمتوں میں کتنا اضافہ کیا۔ وزارت مذہبی امور کو اس سے کوئی سروکار نہیں تھا ان کا تو واضح اور دوٹوک موقف تھا ٹائم لائن پر عملدرآمد نہ ہونے کے بھی آپ ذمہ دار ہیں اور اس کی سزا آپ کو ہی دی جاتی ہے آپ کا کوٹہ 50 فیصد سے کم کر کے 30 فیصد کر دیا گیا ہے۔ 2025ء کے عازمین کو بھی بہر صورت آپ نے حج کرانا ہے یا مطمئن کرنا ہے رقم واپس کرنا ہے۔ 904 حج آرگنائزر جو 2005ء سے پروفیشنلزم میں اپنے آپ کو منوا چکے تھے ان کے لئے دو راستے تھے وزارت کا یکطرفہ مسلط کیا گیا فیصلہ مسترد کر دیں اور عدالت کا سہارا لے لیں یا پھر دوسرا مشکل اور کٹھن فیصلہ تھا پرائیویٹ سکیم کے خلاف سازش کو ناکام بنائیں اور کم وسائل اور بڑی مشکلات میں اپنے تجربے کو بروکار لاتے ہوئے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا کر حج آپریشن کی کامیابی کیلئے لگ جائیں۔ حج آرگنائزر اور ان کی نمائندہ ہوپ نے متفقہ طور پر وزارت مذہبی امور کے مسلط کردہ فیصلے کے آگے سر تسلیم کرنے کا فیصلہ کیا اور وزارت نے تمام حقائق سے چشم پوشی کرتے ہوئے 2025ء کی ناکامی کا ذمہ دار 904 حج آرگنائزر کو قرار دیتے ہوئے اپنا کوٹہ 50 فیصد سے بڑھا کر 70 فیصد کر لیا اور 50 فیصد کے سٹیک ہولڈر نے 30 فیصد کوٹہ ہونے کی وجہ سے 20 فیصد عازمین کی منتیں کر کے رقوم واپس کیں اور باقی 30 فیصد میں 2025ء کے عازمین کو بھی یقینی بناتے ہوئے حج 2026ء کا آپریشن تاریخ ساز بنانے میں کامیاب رہے۔ سرکاری سکیم کا کوٹہ 50 فیصد سے بڑھا کر 70 فیصد کرنے سے بعض افراد کے مفادات تو بہتر ہوئے ہوں گے مگر عملاً استعداد سے زیادہ کا فیصلہ وزارت مذہبی امور کو خاصا مہنگا پڑا، تاریخ بھی بتائے گی اور میں بھی حج میں موجود تھا انشاء اللہ بتاؤں گا۔

وزارت مذہبی امور نے سرکاری حج سکیم 2026ء کے لئے اسلام آباد، جدہ، مکہ مدینہ دفاتر کے سارے وسائل لگانے کے باوجود کیا حاصل کیا اس کے لئے حج پالیسی کے اعلان کا انتظار کرنا پڑے گا بات دوسری طرف چلی گئی حج 2026ء یقینا دنیا بھر کے لئے پرائیویٹ سیکٹر کی طرح پاکستان کے لئے کٹھن اور مشکل حج تھا۔ سعودیہ کے جدید ڈیجیٹلائز نظام نے بھی کچھ سازشوں کو ناکام بنایا ہے، نئے نظام میں سعودی وزارت الحج نے دنیا بھر سے آنے والے حج مشن کے عازمین اور پرائیویٹ سیکٹر کے 2026ء کے 1016 منظمین کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے کوئی انسانی کمیٹی نہیں بنائی اور کسی فرد کو اختیار نہ دیا کہ وہ فیصلہ کر دے بلکہ انہوں نے نسک کے نظام کو اس انداز میں ترتیب دے دیا وہ 14 ذوالحج 2026ء کی تکمیل کے دوسرے دن جاری ہونے والی سعودی تعلیمات اور ٹائم لائن کو پہلے دن سے مشاعر کی تکمیل تک ایک ایک مرحلے کو خود مانیٹر کرتا رہا اور پھر اس سے 12 ذوالحج کو ہی کمپیوٹرائزڈ نتائج کا اعلان کر دیا جس کے مطابق پاکستان کی 2005ء میں شروع ہونے والی پرائیویٹ حج سکیم نے 2026ء میں اپنے آپ کو پھر بہترین ہونے کا لوہا منوایا اور 1016 منظمین میں سے پاکستان کے تین منظمین محترم عفان ذیشان، محترم شاہد رفیق اور محترم زعیم صدیقی نے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشنیں حاصل کر لیں اور 2015ء سے 2018ء تک دنیا بھر میں نمایاں قرار پانے والے 904 حج آرگنائزر نے 2026ء میں بھی خدمت اور پروفیشنلزم کا سکہ جمایا۔ ڈی جی حج عبدالوہاب سومرو چوتھی اور وزارت مذہبی امور کی پہلی شخصیت تھے جو پرائیویٹ سکیم کے تین منظمین کے ساتھ لیتھم ایوارڈ کے حق دار ٹھہرے۔ وزارت مذہبی امور کے میڈیا سیل نے ڈی جی صاحب کے ایوارڈ کو سرکاری سکیم سے جوڑنے کی بڑی کوشش کی سرکاری وسائل سے جانے والے ٹِک ٹاکر بھی کچھ نہ کر سکے اس میں 2005ء سے 2026ء تک تمام حج آپریشن کور کرنے کے ساتھ خود حج کی سعادت حاصل کر چکا ہوں اس میں صرف اتنا ہی کہہ سکتا ہوں

مدعی لاکھ برا چاہے تو کیا ہے
وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے

اللہ حج ٹریڈ کو محفوظ رکھے اور عازمین حج کے لئے نیک نیتی سے کام کرنے والے وہ سرکاری سکیم کے لئے ہوں یا پرائیویٹ سکیم کے سب کی کوششوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ



فن وثقافت

لاہور: چودھری کے گھر چوری، سابق پولیس انسپکٹر پر مقدمہ درج

لاہور (بیورو رپورٹ) اداکارہ نگار چوہدری کی رہائش گاہ پر چوری کی واردات کا مقدمہ سابق پولیس انسپکٹر رانا اکرم کیخلاف درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سابق پولیس انسپکٹر کے خلاف مقدمہ اداکارہ نگار چوہدری کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق نگار چوہدری کے گھر واردات 5 جولائی 2024 کو ہوئی تھی، سابق پولیس افسر کی سربراہی میں 15، 16 مسلح افراد نے گھر پر دھاوا بولا۔ متن میں تحریر کیا گیا کہ ملزمان نے اہل خانہ کو یرغمال بنا کر تالے توڑے اور قیمتی سامان لوٹا۔ اس میں یہ بھی تحریر کیا گیا کہ ملزمان گھر سے ساڑھے 55 تولے سونا، نقدی اور غیر ملکی کرنسی بھی لے گئے، لوٹے گئے سامان میں فون، گھڑیاں اور پاسپورٹس بھی شامل تھے۔

گوری سپراٹ سے شادی، عامر خان تیسری بار دولہا بنیں گے

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ سپر اسٹار عامر خان اپنی گرل فرینڈ گوری سپراٹ سے 5 جولائی کو ایک سادہ اور نجی تقریب میں شادی کرنے جا رہے ہیں۔ ہدایتکار راج کمار ہیرانی کی سیریز کی اسکریننگ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عامر خان نے کہا کہ شادی میرے گھر پر ہو گی اور اس میں صرف دونوں خاندانوں کے افراد اور چند قریبی دوست شریک ہوں گے۔ عامر خان نے کہا کہ 5 جولائی ہمارے لیے بہت خاص دن ہے، ہم گھر پر ہی ایک چھوٹی سی گھریلو تقریب رکھ رہے ہیں، آپ سب سے ہماری خوشیوں اور نئی زندگی کے لیے دعاؤں کی درخواست ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس شادی میں دونوں کی سابقہ شادیوں سے ہونے والے تمام بچے بھی شریک ہوں گے، جبکہ کسی شاندار استقبالیہ (ریسپشن) کا منصوبہ نہیں بنایا گیا ہے۔

علی کاظمی نے والد راحت کاظمی کی یادگار تصاویر شیئر کر دیں

لاہور (پی این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری سے وابستہ اداکار علی کاظمی نے والد راحت کاظمی کی 82 ویں سالگرہ پر یادگار تصاویر شیئر کر کے ماضی کی یادیں تازہ کر دیں۔ راحت کاظمی اور ان کا خاندان گزشتہ کئی برسوں سے کینیڈا میں مقیم ہے، اگرچہ وہ اپنی نجی زندگی کو میڈیا کی نظروں سے دور رکھتے ہیں، تاہم ان کے صاحبزادے اور معروف اداکار علی کاظمی وقتاً فوقتاً اپنے والد کے ساتھ یادگار لمحات مداحوں کے ساتھ شیئر کرتے رہتے ہیں۔ رواں سال راحت کاظمی اپنی 82 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، اس موقع پر علی کاظمی نے فیس بک پر والد کے ہمراہ خوبصورت تصاویر شیئر کرتے ہوئے انہیں سالگرہ کی مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ سالگرہ مبارک ہو ابا، اس عظیم انسان کو جس نے مجھے زندگی کی ہر اہم بات سکھائی، آپ سے ہمیشہ محبت رہے گی۔

پاکستانی مزاح پر تنقید، ارشد وارثی کو شدید ردِعمل کا سامنا

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکار ارشد وارثی کو پاکستانی مزاح سے متعلق اپنے بیان پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ فلم ساز راج کمار ہیرانی کے ساتھ گفتگو میں ارشد وارثی نے کہا کہ میں پاکستانی مزاح کا مداح نہیں ہوں کیونکہ اس میں اکثر تضحیک، نام رکھنا اور توہین آمیز انداز پایا جاتا ہے، مجھے اس قسم کی مزاحیہ پیشکش یا جنسی نوعیت کی کامیڈی پسند نہیں۔ اس پر راج کمار ہیرانی نے کہا کہ مزاح میں مختلف ثقافتوں اور برادریوں پر مبنی لطیفے بھی شامل ہوتے ہیں اور اگر ہر چیز کو حد سے زیادہ محدود کر دیا جائے تو مزاح کا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ ارشد وارثی نے بھی اس سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو ایسے معاملات میں زیادہ سنجیدہ ہونے کے بجائے برداشت کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ تاہم ارشد وارثی کے اس بیان پر پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے شدید تنقید کی گئی ہے۔ متعدد صارفین نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ پاکستانی مزاح نسبتاً شائستہ ہوتا ہے، جبکہ بھارتی کامیڈی میں گالم گلوچ، ذومعنی جملوں اور توہین آمیز مواد کا زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ کئی صارفین نے دی کپل شرما شو اور بھارتی اسٹینڈ اپ کامیڈی کا حوالہ دیتے ہوئے ارشد وارثی کے بیان پر تنقید کی ہے۔ بعض افراد نے کہا ہے کہ پاکستانی مزاح نے بھارتی کامیڈی پر بھی اثرات مرتب کیے ہیں۔

مومنہ اقبال ہراسگی کیس نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سے رپورٹ طلب

لاہور (بیورو رپورٹ) سیشن کورٹ لاہور نے اداکارہ مومنہ اقبال کو مبینہ ہراساں کرنے کے مقدمے میں ایم پی اے ثاقب چدھڑ اور اہلیہ کو شاملِ تفتیش ہونے کا حکم دے دیا۔ لاہور کی مقامی عدالت میں اداکارہ مومنہ اقبال کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمے میں ایم پی اے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل سیشن جج نصرت علی صدیقی نے کیس کی سماعت کی، ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ عبوری ضمانت کی مدت ختم ہونے پر عدالت میں پیش ہوئے۔ دورانِ سماعت عدالت نے دونوں ملزمان کو تفتیش میں شامل ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سے آئندہ سماعت پر تفتیشی رپورٹ طلب کر لی۔ عدالت نے ملزمان کی عبوری ضمانت میں 13 جولائی تک توسیع کرتے ہوئے مزید کارروائی آئندہ سماعت تک ملتوی کر دی۔

SHEHAR NAMA
شہرنامہ
کلاسیفائیڈ
مشتہرین حضرات متوجہ ہوں
☆کلاسیفائیڈ اشتہار فی سطر 150 روپے کم ازکم تین سطریں ہونی چاہیں
☆تمام اشتہار نیک نیتی کے تحت شائع کیے جاتے ہیں
☆اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے
☆ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی ودیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا
رابطہ
فون: 051-224909
موبائل: 0333-5196088
Email:sheharnama@gmail.com

بقیہ نمبر 1

کے مطابق عدالتی انکوائری اور ڈیجیٹل ریکارڈ کی جانچ کے دوران مبینہ طور پر یہ انکشاف ہوا کہ سرکاری یوزر آئی ڈی استعمال کرتے ہوئے تصحیح انتقال اور بعد ازاں فروختی انتقال کی منظوری دی گئی، جس کے نتیجے میں مبینہ طور پر ردوبدل شدہ ریکارڈ کی بنیاد پر قیمتی نجی اراضی ایک نجی شخص کے نام منتقل کردی گئی۔ سرکاری مراسلے میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ چونکہ عدنان بشیر کیانی اس وقت تحصیل گوجرخان میں بطور سرکل ریونیو آفیسر تعینات ہیں، اس لیے ڈپٹی کمشنر مری کے پاس ان کے خلاف براہِ راست کارروائی کا اختیار موجود نہیں۔ اسی وجہ سے کمشنر راولپنڈی ڈویژن سے درخواست کی گئی ہے کہ قانون کے مطابق فوجداری اور محکمانہ کارروائی کا آغاز کیا جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسی سکینڈل میں سابق پٹواری راجہ ممتاز علی کے خلاف بھی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو ریفرنس بھجوایا جا چکا ہے، جبکہ تازہ پیش رفت کے بعد ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں شدید بے چینی پائی جا رہی ہے۔ باخبر حلقوں کے مطابق اگر سفارشات پر عملدرآمد ہوتا ہے تو مزید افسران بھی تحقیقات کی زد میں آسکتے ہیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب صوبہ بھر میں محکمہ مال میں شفافیت اور زمینوں کے ریکارڈ میں جعلسازی کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ گوجرخان میں تعینات افسر کے خلاف سامنے آنے والے اس معاملے نے مقامی انتظامی حلقوں میں بھی کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں اس حوالے سے ابھی تک عدنان بشیر کیانی کا مؤقف سامنے نہیں آسکا

بقیہ نمبر 2

ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کرے جو آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 3

دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بل سے صحافیوں کو تحفظ ملے گا اور وہ اپنے فرائض منصبی بطریق احسن سر انجام دیں گے اور یہ وقت کی ضرورت اور تقاضا تھا جرنلسٹ پروٹیکشن بل کی منظوری سے صحافی برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ ہے اس بل کی رو صحافی کو دھمکی دینا یا تشدد کرنا اب ناقابل ضمانت جرم قرار، پارلیمنٹ نے صحافیوں کے تحفظ کے لیے ایک اہم قانون، "جرنلسٹ پروٹیکشن بل" منظور کر لیا ہے جس کے تحت صحافیوں کو ان کے پیشہ وارانہ فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ ڈالنے، زبانی یا جسمانی دھمکیاں دینے، یا ان پر تشدد کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نئے بل کے مطابق: کسی بھی صحافی کو زبان درازی، گالم گلوچ یا تشدد کا نشانہ بنانے پر ناقابل ضمانت مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ذرائع (Sources) کے بارے میں معلومات لینے کے لیے دباؤ ڈالنے کو بھی جرم تصور کیا جائے گا۔ صحافی کو پیشہ وارانہ کام سے روکنے یا ڈرانے دھمکانے پر ملوث شخص یا ادارے کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی۔ قانونی ماہرین اور صحافتی تنظیموں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بل صحافیوں کو مزید بااختیار اور محفوظ بنائے گا، اور آزاد صحافت کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 4

تعلیم دینی ہوگی۔ اولیاء اللہ کے دربار وں، خانقاہوں اور قرآن پاک سے ہمیں اپنی نسلوں کو وابستہ رکھنا چاہیے۔ جہاں پر دنیاوی تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم ضروری ہے وہاں اسلامی تعلیم بھی اتنی ہی ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار پیر سائیں شعبان فرید سجادہ نشین دربار عالیہ کلیام شریف اور چوہدری عمران الیاس ایم پی اے چیئرمین ایکوا کلچر اینڈ فشریز وممبر وزارت داخلہ جیل خانہ جات نے دربار عالیہ کلیام شریف میں منعقدہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ ملک پاکستان کے نامور ثنا خواں حضرات نے ہدیہ نعت پیش کی۔ جید علماء کرام جن میں علامہ غلام محمد چشتی اور دیگر علمائے کرام شامل ہیں نے ختم نبوت کانفرنس میں عقیدہ ختم نبوت کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی۔ ختم نبوت کانفرنس میں الحاج چوہدری محمد الیاس، ملک جہانگیر، ملک محمد افتخار، چوہدری طارق، محمد بشیر راجہ، ملک استاد سعید، حاجی عبدالغفار، چوہدری اقدس انیس، محمد شفیق خٹک، ظہیر اعوان، ودیگر ملک پاکستان کے ہر شہر دور ونزدیک ہر جگہ سے سیاسی سماجی مذہبی صحافی وکلا برادری کاروباری حضرات و دیگر مریدین متوسلین متعلقین دوست احباب کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کامیاب ختم نبوت کانفرنس کرانے پر پیر سائیں شعبان فرید سجادہ نشین دربار عالیہ کلیام شریف کو تمام شرکاء نے مبارکباد پیش کی۔ کانفرنس کے اختتام پر پیر سائیں شعبان فرید سجادہ نشین دربار عالیہ کلیام شریف نے ملک وقوم کی سلامتی امن و امان خوشحالی وترقی کی خصوصی دعا فرمائی

بقیہ نمبر 5

سیاسی بیانات نے کشمیری عوام کے دل آزاری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری کشمیری قوم کو غدار قرار دینا ناقابل قبول ہے، کیونکہ مقبوضہ کشمیر کے عوام آج بھی پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ حکومت کو طاقت کے استعمال کے بجائے عوامی نمائندوں اور مظاہرین سے مذاکرات کرنے چاہییں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب اپنے ہی لوگ احتجاج کریں تو انہیں دشمن نہیں بلکہ اپنے بچوں کی طرح سمجھ کر ان کے مسائل سننے چاہییں۔ شہیر حیدر سیالوی نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کے بنیادی مسائل، خصوصاً آٹا، بجلی اور دیگر ضروریات زندگی

کے حوالے سے حکومت کو فوری اقدامات کرنے چاہییں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مظاہرین کے بیشتر مطالبات تسلیم کیے جا چکے ہیں، تاہم ان پر عملدرآمد کے لیے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری نہیں کیے گئے، جس سے بے چینی برقرار ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات ایک ماہ کے لیے ملتوی کیے جائیں تاکہ حالات معمول پر آسکیں اور تمام سیاسی جماعتوں کو انتخابی مہم چلانے کا یکساں موقع مل سکے۔ اس موقع پر آزاد کشمیر کے پارٹی چیئرمین سردار زبیر خان نے کہا کہ کشمیری عوام پاکستان سے محبت کرتے ہیں، لیکن انہیں درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں بڑھتی ہوئی مایوسی کو ختم کرنے کے لیے سیاسی قیادت کو زمینی حقائق کے مطابق فیصلے کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نظریاتی پارٹی آزاد کشمیر کی تمام 45 نشستوں پر امیدوار میدان میں اتارنے کا ارادہ رکھتی ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور انتخابی مہم چلائے گی۔ پریس کانفرنس کے اختتام پر پارٹی قیادت نے حکومتِ پاکستان اور حکومتِ آزاد کشمیر سے اپیل کی کہ وہ کشیدگی میں اضافے کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں، عوام کے تحفظات دور کریں اور پاکستان و کشمیر کے تاریخی رشتے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے عملی اقدامات کریں

بقیہ نمبر 6

بخشش ہوگا۔ تم میں بہتر ہے وہ شخص جو قران پڑھے اور پڑھائے۔ قران پاک کی تلاوت کے ساتھ ساتھ ترجمہ پڑھنے کا بھی اہتمام ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار علامہ مفتی قاری احمد رضوی نے گاؤں سفیر میں راجہ نزاکت کے صاحبزادے حافظ محمد عبداللہ کے اعزاز میں تکمیل قران پاک پاک کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جسکی صدارت علامہ حافظ بابر رضوی اور نگرانی صاحبزادہ قاری ذیشان چشتی گولڑوی نے فرمائی محفل کا آغاز حافظ محمد عبداللہ نے تلاوت کلام پاک سے کیا اور ہدیہ نعت معروف ثنا خواں محمد عثمان قادری حیدری، علامہ حافظ قاری محمد نسیم چشتی نے پیش کی۔ درود وتاج شریف کا نذرانہ محمد بشیر راجہ سابق صدر پریس کلب اڈیالہ نے پیش کیا۔ علامہ کاشف مدنی عطاری، علامہ حافظ علی تاج ضیائی نے بھی خطاب کیا۔ حافظ محمد عبداللہ کو قران پاک حفظ کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر عزیز و اقارب نے حافظ محمد عبداللہ اور اس کے والد راجہ نزاکت کو مبارکباد پیش کی اور پھولوں کے ہار پہنائے۔ محفل کا اختتام درود وسلام کے ساتھ ہوا اور ملک قوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا علامہ حافظ بابر رضوی نے فرمائی۔ خوشی کے اس موقع پر حافظ عبداللہ کے والد راجہ نزاکت نے عزیز و اقارب کے اعزاز میں پرتکلف کھانے کا بھی اہتمام کیا تھا۔

بقیہ نمبر 7

میں جماعت اسلامی کے ڈائریکٹر امور خارجہ آصف لقمان قاضی بھی شامل ہیں۔ شہید رہبر، خاندان کے افراد اور معصوم بچے کی الگ الگ نماز جنازہ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں لاکھوں مرد وخواتین، نوجوانوں اور بچوں نے والہانہ عقیدت سے شرکت کی۔ 105 ممالک کے مندوبین بھی جنازہ 8 کے اجتماع میں شریک تھے۔ اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار تھی، شرکاء شہید رہبر کے لئے پرعزم نعرے لگاتے رہے اور مرگ بر امریکہ مرگ بر اسرائیل کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ سیکورٹی کے زمینی، فضائی اور بلڈنگز سے بڑے پیمانے پر انتظامات کئے گئے تھے۔ جنازہ میں شہید رہبر کے بیٹے حجۃ الاسلام مصطفےٰ خامنائی نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 8

کی بھی پیش گوئی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز ملک کے شمالی علاقوں پر موجود مغربی ہواؤں کا رُخ مشرق کی جانب منتقل ہوگیا ہے جبکہ موسمی کم دباؤ کا علاقہ شمال مغربی بلوچستان پر واقع ہے۔ بھارت کی ریاست اوڈیشہ کے شمال مشرق پر گزشتہ روز کم دباؤ کا علاقہ شدت اختیار کرتے ہوئے مغرب کی جانب منتقل ہوگیا ہے جس کے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران جھارکھنڈ کے اوپر پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران دریائے ستلج، راوی اور چناب کے بالائی طاسوں، کشمیر اور پنجاب کے شہروں سیالکوٹ، نارووال، قصور اور لاہور میں ملحقہ بارش اور گرج چمک کی پیشگوئی کی ہے جبکہ ملک کے باقی حصوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ اگلے 48 گھنٹوں کے دوران دریائے ستلج، راوی، چناب اور جہلم کے بالائی طاسوں، اسلام آباد، کشمیر، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع اور پنجاب کے اضلاع اٹک، بھکر، چکوال، گجرات، جہلم، خوشاب، میانوالی، راولپنڈی اور سرگودھا میں کہیں کہیں بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔ رپورٹ میں ہفتہ وار پیشگوئی کے مطابق 7 سے 10 جولائی تک تمام بڑے دریاؤں کے بالائی طاسوں، اسلام آباد، خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان، شمالی پنجاب اور شمالی بلوچستان میں کہیں کہیں بارش اور گرج چمک کے ساتھ چند مقامات پر شدید بارش کی توقع ہے جس کے باعث تمام بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں معمولی اضافہ متوقع ہے۔ دریاؤں کی صورتحال کے مطابق دریائے سندھ بالائی اور زیریں طاس خشک ہیں جبکہ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح 04.1476 فٹ اور منگلا ڈیم میں 20.1165 فٹ ریکارڈ کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور صورتحال پر نظر رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 9

میں اہم کردار ادا کیا وکلاء برادری کا کہنا ہے کہ عامر شفیق قریشی نے ایک مرتبہ پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت قانونی مہارت اور عدالتی تیاری کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے وکالت کے شعبے میں اپنی منفرد شناخت کو مزید مضبوط کیا قانونی ماہرین کے مطابق تھانہ جاتلی کا یہ مقدمہ علاقے میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کی بالادستی کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے جبکہ اس کیس میں اختیار کی گئی قانونی حکمت عملی بھی وکلاء کے حلقوں میں موضوع گفتگو بنی ہوئی ہے عامر شفیق قریشی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان گزشتہ کئی برسوں سے دیوانی فوجداری اور آئینی مقدمات میں کامیاب قانونی خدمات انجام دے رہے ہیں اور انہیں گوجرخان سمیت خطے کے ممتاز قانون دانوں میں شمار کیا جاتا ہے قریشی لاء فرم گوجرخان کا قانونی پینل بھی مختلف نوعیت کے مقدمات میں موثر قانونی معاونت فراہم کر رہا ہے جس میں ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان عامر شفیق قریشی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ شبر شاہ، سید شاہ نواز شاہ اور ملک حارث

جاوید شامل ہیں

بقیہ نمبر 10

انسانیت کے لیے مشعلِ راہ رہے گا۔ کردارِ حسینی اختیار کرنے والے ہی حقیقی کامیابی کے مستحق ہیں۔ ظلم، ناانصافی، تکبر اور گناہوں سے آلودہ کردار شفاعتِ حسینی کا مستحق نہیں۔ ان خیالات کا اظہار نجف اشرف اور کربلائے معلیٰ کے مختلف مقدس مقامات پر خطاب کرتے ہوئے سیاسی، سماجی اور ممتاز مذہبی سکالر پیر سید جمیل حسین کاظمی نے کیا۔ انھوں نے کہا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی جدوجہد صرف میدانِ کربلا یا اُس دور کے یزید تک محدود نہیں تھی بلکہ یہ حق و باطل کی وہ ابدی جنگ ہے جو قیامت تک ہر اُس شخص کے خلاف جاری رہے گی جس کا کردار ظلم، جبر، ناانصافی اور یزیدی سوچ کا آئینہ دار ہو۔ انھوں نے کہا کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنے اہلِ بیتؑ اور جانثار ساتھیوں کی عظیم قربانیاں پیش کر کے اپنے نانا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے دین اور شریعت کو ہمیشہ کے لیے زندہ و تابندہ کر دیا۔ واقعۂ کربلا رہتی دنیا تک حق، عدل، صبر، استقامت اور قربانی کی لازوال مثال بنا رہے گا، جبکہ امام حسینؑ کی عظیم قربانی روزِ محشر تک اہلِ ایمان کے لیے ہدایت اور نجات کا سرچشمہ رہے گی۔ پیر سید جمیل حسین کاظمی نے کہا کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنے وفادار اصحاب سے واضح فرمایا کہ ان کی جدوجہد صرف اُس وقت کے یزید کے خلاف نہیں بلکہ ہر اُس فرد کے خلاف ہے جو یزیدی کردار، ظلم، فتنہ، فساد اور باطل کا نمائندہ بنے۔ انھوں نے کہا کہ حقیقی حسینی وہ ہے جس کا کردار، اخلاق، گفتار اور نگاہ حسینی ہو، جو عدل و انصاف، دیانت، محبت، اخوت اور انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا شعار بنائے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ظلم کرنے والا، لوگوں کے حقوق غصب کرنے والا، زنا، شراب نوشی اور دیگر گناہوں میں مبتلا شخص، نیز وہ انسان جس کا دل بغض، کینہ، حسد اور تکبر سے بھرا ہو، وہ کردارِ حسینی سے محروم رہتا ہے اور ایسے افراد کو اپنی اصلاح کرتے ہوئے امام حسین علیہ السلام کی تعلیمات پر عمل کرنا چاہیے۔ انھوں نے زور دیا کہ واقعۂ کربلا ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ حق کے لیے ڈٹ جانا، باطل کے سامنے سر نہ جھکانا، مظلوم کی حمایت کرنا اور انصاف کا پرچم بلند رکھنا ہی حقیقی حسینی فکر ہے۔ یہی پیغام آج بھی امتِ مسلمہ کے اتحاد، اصلاحِ معاشرہ اور انسانیت کی بقا کی ضمانت ہے۔ آخر میں انھوں نے ملک سلامتی زائرین کی خیر و عافیت کی خصوصی دعا فرمائی

بقیہ نمبر 11

(میڈیا سیکرٹری) اور نعمان ستی (ڈپٹی جنرل سیکرٹری) بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حلقہ ایل اے 39 جموں 6 سے پاکستان نظریاتی پارٹی کے نامزد امیدوار راجہ یاسر کی مکمل اور بھرپور حمایت کا اعلان کیا گیا۔ پارٹی قیادت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ راجہ یاسر کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور انتخابی مہم بھرپور انداز میں چلائی جائے گی۔ ملک شمریز نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان نظریاتی پارٹی عوامی خدمت، نظریاتی سیاست اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ منظم انداز میں انتخابی مہم میں حصہ لیں اور پارٹی کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ اجلاس کے اختتام پر رہنماؤں نے انتخابی کمپین کو موثر اور مربوط انداز میں آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ عوام پاکستان نظریاتی پارٹی کے امیدوار پر بھرپور اعتماد کا اظہار کریں گے۔

بقیہ نمبر 12

شام 7 بجے روز محل مارکی، جنڈی موڑ، نزد شیل پٹرول پمپ، مین جی ٹی روڈ گوجر خان میں منعقد ہوگا۔ اجتماع سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن حاجی وقار المدینہ دامت برکاتہم العالیہ خصوصی سنتوں بھرا بیان کریں گے، جبکہ پروگرام کی براہِ راست نشریات مدنی چینل پر بھی نشر کی جائیں گی۔ ضلع نگران راولپنڈی مولانا تیمور مدنی اور تحصیل نگران گوجر خان نے گوجر خان، راولپنڈی اور گردونواح کے عاشقانِ رسول سے اجتماع میں بھرپور شرکت کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس روحانی محفل میں شرکت سے دینی معلومات میں اضافہ، سنتِ نبوی ﷺ پر عمل کا جذبہ اور ثوابِ آخرت حاصل کرنے کا بہترین موقع میسر آئے گا۔ دعوتِ اسلامی کے ذمہ داران نے تمام اسلامی بھائیوں سے بروقت شرکت کی درخواست کی ہے۔

بقیہ نمبر 13

میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سرگرم کردار ادا کر رہے ہیں محمد عامر خان نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کرکٹ کے شعبے میں تاریخی پیش رفت میں اہم کردار ادا کیا ان کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں دونوں ممالک کے درمیان ایک اہم معاہدہ طے پایا جس کے تحت پاکستان کرکٹ بورڈ پی سی بی جدہ میں عالمی معیار کا جدید کرکٹ اسٹیڈیم تعمیر کرے گا یہ منصوبہ نہ صرف سعودی عرب میں کرکٹ کے فروغ کا ذریعہ بنے گا بلکہ دونوں برادر ممالک کے درمیان کھیلوں کے تعلقات کو بھی نئی جہت دے گا افرادی قوت کی ترقی کے شعبے میں بھی محمد عامر خان کی خدمات قابلِ ذکر ہیں۔ وہ سعودی عرب کی معروف کمپنیوں جن میں عیسا سعودی بن لادن گروپ ساماسکو اور دیگر بڑے ادارے شامل ہیں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ پاکستانی ہنرمند اور پیشہ ور افرادی قوت کے لیے روزگار کے مواقع میں اضافہ کیا جا سکے ان کی کاوشوں کا مقصد سعودی عرب کے مختلف شعبوں میں پاکستانی کارکنوں کو ترجیح دلوانا اور ہر سطح پر ورک ویزوں کی تعداد میں اضافہ ممکن بنانا ہے صحت اور طبی تعلیم کے شعبے میں بھی محمد عامر خان کی کوششوں سے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے ان کی معاونت سے الحیات نیشنل ہاسپٹلز گروپ اور پاکستان کے خیبر میڈیکل کالج کے درمیان ایک مفاہمتی معاہدہ طے پایا جس کے تحت سعودی عرب کے شہر ابہا اور اس کے ملحقہ علاقوں میں پانچ جدید پیرا میڈیکل کالجز قائم کیے جائیں گے ان اداروں کی تعمیر اور انتظام الحیات نیشنل ہاسپٹلز گروپ کرے گا جبکہ تعلیمی اور پیشہ ورانہ تعاون خیبر میڈیکل کالج فراہم کرے گا

بقیہ نمبر 14

اداروں میں تنظیم کا مؤثر تعارف کرایا جائے، عہدیداران کی معلومات نمایاں کی جائیں اور ماہانہ بنیادوں پر فنڈز جمع کرنے کا مربوط نظام بنایا جائے۔ جنرل سیکرٹری وومن ونگ مس شازیہ شاہین نے تجویز دی کہ تنظیم میں مخلص، متحرک اور حقیقی

ممبران کو آگے لایا جائے تاکہ اپسا مزید مضبوط اور فعال ہو سکے۔ نائب صدر وومن ونگ مس نویدہ وقاص نے کہا کہ ممبر سازی کی مہم منظم منصوبہ بندی کے ساتھ چلائی جائے، سکولوں کے باقاعدہ دورے کیے جائیں اور اساتذہ کو تنظیم کے مقاصد سے آگاہ کیا جائے۔ صدر وومن ونگ مس عنبرین احمد نے کہا کہ نئے ممبران کو تنظیمی سرگرمیوں میں مؤثر کردار دیا جائے اور ممبر سازی کے بعد بھی ان سے مسلسل رابطہ رکھا جائے۔ سینئر نائب صدر عادل شاہ نے ممبر سازی کو ہر عہدیدار کی اولین ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا اور عملی رابطہ مہم کے ذریعے تنظیم کو مزید فروغ دیا جائے۔ نائب صدر قاضی ضیاء الرحیم نے تحصیل اور سیکٹر کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دینے، مختلف تعلیمی اداروں کے دورے کرنے، ممبرشپ کارڈز جاری کرنے اور فنڈز کی شفاف تقسیم پر زور دیا۔ ڈپٹی جنرل سیکرٹری امجد حسین نے تنظیمی معاملات کو مزید مؤثر بنانے، ارکان کے درمیان بہتر رابطہ قائم کرنے اور تمام فیصلوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ نائب صدر چوہدری معراج فرقان نے کہا کہ ممبر سازی کے لیے سیکٹر وار ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور تنظیم کی سرگرمیوں کو سوشل میڈیا پر بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے۔ پریس سیکرٹری حافظ محمد یاسین چوہدری نے کہا کہ اپسا کی مضبوطی کا انحصار اتحاد، نظم و ضبط اور مؤثر ابلاغ پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم کی مثبت سرگرمیوں، اساتذہ کے مسائل اور کامیابیوں کو میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اساتذہ تنظیم سے وابستہ ہوں۔ اجلاس کی کارروائی جنرل سیکریٹری نعیم اکبر نے چلائی۔ اجلاس کے اختتام پر صدر آغا شہاب اور نعیم اکبر جنرل سیکریٹری نے اپنے مشترکہ بیان میں تمام تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ تمام تنظیمی امور سیکٹرز کی بنیاد پر چلائے جائیں گے، تحصیلوں سے فنڈز جمع کر کے شفاف انداز میں تقسیم کیے جائیں گے، جبکہ آڈٹ رپورٹ اور الیکشن فنڈز کی تفصیلات بھی ارکان کے سامنے پیش کی جائیں گی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ممبر سازی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط کیا جائے گا اور اساتذہ کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15

نچ پڑتال کی گئی۔ کارروائیوں کے دوران 84 مشکوک افراد اور 139 موٹر سائیکلوں کو مزید تفتیش کے لیے متعلقہ تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر مؤثر نگرانی کے لیے خصوصی چیکنگ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں جبکہ تمام پٹرولنگ یونٹس اور خصوصی اسکواڈز شہر بھر میں مسلسل گشت کر رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ چیکنگ کے دوران پولیس سے مکمل تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع دیں تاکہ امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ نمبر 16

والد نبیل ابرار کی مدعیت میں درج ایف آئی آر کے مطابق ان کی بیٹی محلے کی ایک دکان پر سامان لینے گئی تھی، لیکن کافی دیر گزرنے کے باوجود واپس نہ آئی۔ اہل خانہ نے تلاش شروع کی مگر اس کا کوئی سراغ نہ ملا۔ درخواست گزار نے ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا کہ واقعے سے دو روز قبل اس کی بیٹی نے شکایت کی تھی کہ محلے کا رہائشی حمزہ حفیظ مبینہ طور پر اسے اشاروں کنایوں سے ہراساں کرتا تھا۔ اس حوالے سے اس کے والد کو بھی آگاہ کیا گیا، تاہم، درخواست گزار کے مطابق، کوئی مؤثر اقدام نہ اٹھایا گیا۔ ایف آئی آر میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ واقعے کے روز حمزہ حفیظ اپنے ساتھی حمزہ رضا کے ہمراہ لڑکی کو مبینہ طور پر اغواء کر کے نامعلوم مقام پر لے گیا۔

بقیہ نمبر 17

کے مطابق تعمیر کی جا رہی ہے اور نقشے میں درج لائن متعدد رہائشی گھروں کے اوپر سے گزر رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سی ڈی اے حکام کی جانب سے جلد ان مکانات کو بھی نشانات لگائے جانے کا امکان ہے جس سے کسی بھی وقت کشیدگی اور تصادم کا خدشہ پیدا ہو سکتا ہے۔ رہائشیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے پاس اپنی ملکیتی اراضی کے تمام قانونی ریکارڈ اور دستاویزات موجود ہیں، جبکہ معاملہ سی ڈی اے لینڈ ڈیپارٹمنٹ کے علم میں بھی لایا جا چکا ہے، جہاں یہ واضح کیا گیا ہے کہ کئی نجی ملکیتیں موجودہ نقشے کی زد میں آ رہی ہیں۔ متاثرہ افراد نے مزید موقف اختیار کیا کہ قبرستان کے اندر شامل کیے گئے بعض راستوں اور سڑکوں کے لیے آج تک متعلقہ مالکان کو کوئی ادائیگی نہیں کی گئی۔ اب وہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ اگر یہ اراضی عوامی استعمال کے لیے درکار ہے تو کم از کم مقامی آبادی کے لیے متبادل سڑک اور آمدورفت کا مناسب راستہ فراہم کیا جائے۔ شہریوں نے سی ڈی اے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ موضع کھنہ کاک کی ملکیتی اراضی اور موضع پنڈوڑیاں کی سی ڈی اے ایکوائرڈ اراضی کی از سر نو حد بندی کر کے حقائق پر مبنی رپورٹ فوری طور پر پلاننگ ونگ اور ڈی جی انفورسمنٹ کو بھجوائی جائے تاکہ نقشے کی بروقت تصحیح ہو سکے اور بے گناہ شہریوں کے گھروں اور ملکیتی حقوق کو نقصان پہنچنے سے بچایا جا سکے۔ متاثرہ رہائشیوں نے وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین سی ڈی اے محسن نقوی سے بھی فوری نوٹس لینے اور منصوبے پر از سر نو نظرثانی کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ سی ڈی اے پلاننگ ونگ کی مبینہ غلطی کی سزا مقامی آبادی کو نہ دی جائے، بلکہ قانونی ریکارڈ کی روشنی میں انصاف کو یقینی بنایا جائے

بقیہ نمبر 18

کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجلاس کی صدارت زونل صدر راؤ جاوید انجم نے کی جبکہ زونل ناظم عرفان محمد خان سینئر نائب صدر راجہ منیر اعجاز ایڈووکیٹ علامہ قاری احسان قادر نیاز چشتی وسیم مرزا محمد حنیف آرائیں طارق محمود قادری جبکہ تحصیلات کے صدور علامہ یاسر رمضان۔ محمد عثمان طاہر راجہ عادل سعید طارق جاوید حافظ شاہد محمود نے شرکت کی

بقیہ نمبر 19

کے دوران قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی اور مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ شبیر میثمی نے آقائی رمضانی سے رہبر انقلابِ اسلامی اور رفقاء کے شہید ہونے پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

اس موقع پر باہمی دلچسپی کے مختلف مذہبی، قومی اور بین الاقوامی امور پر تفصیلی تبادلۂ خیال بھی کیا گیا۔ ملاقات میں مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان علامہ شبیر میثمی سمیت دیگر علمائے کرام اور اہم شخصیات بھی شریک تھیں۔

بقیہ نمبر 20

پاکستان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے فوری کارروائی کی ضرورت ہے دوسری طرف وقتاً فوقتاً دیا جانے والا بجٹ میں ریلیف کے بقایا جات بھی صحیح سے ادا نہیں کئے جا رہے بزرگ پنشنرز کا کہنا تھا کہ انہوں نے نون لیگ کو ووٹ دیئے اور اب ان کے ساتھ ادارے کی یہ بدسلوکی افسوسناک ہے وزیراعظم نے ریڈیو پاکستان کے مسائل کے حل کے لئے کمیٹی چھ ماہ قبل بنائی جس کا ایک طویل عرصہ گزر جانے کے بعد آج تک اجلاس ہی نہیں ہو سکا ریڈیو پاکستان کے پنشنرز وزیراعظم کے شکایت سیل سپریم کورٹ کے انسانی حقوق سیل اور وفاقی محتسب کو دردمندانہ التجائیں کرتے رہے ہیں لیکن کہیں شنوائی نہ ہوئی ادارے کے ڈائریکٹر جنرل نے مسائل کے حل کے لئے بار بار وعدے کئے مگر کوئی بھی پورا نہ کر سکے ضرورت اس بات کی ہے کہ ریڈیو پاکستان کے بے یار و مددگار پنشنر خاندانوں کو آئین اور قانون کے مطابق فوری ریلیف دیا جائے اور فوری کارروائی کرتے ہوئے ادارے کی انتظامیہ کو تبدیل کیا جائے اچھی شہرت کے تجربہ کار افسران کو سامنے لایا جائے جو ادارے کا کھویا ہوا وقار بحال کر سکیں

بقیہ نمبر 21

خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا زیر حراست شخص نے 15 پر کال کی کہ نامعلوم افراد کی جانب سے اس کے ساتھ راہزنی کی واردات کی کوشش کی گئی ہے، گوجر خان پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر تحقیقات کیں تو کالر کے ساتھ ایسا کوئی وقوعہ سرزد ہونا نہ پایا گیا، کالر کو مشکوک جان کر کالر کی جامہ تلاشی عمل میں لانے پر کالر سے اسلحہ بھی برآمد ہوا، گوجر خان پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

بقیہ نمبر 22

گئی جس میں ایک سو سے زائد ممالک کے مندوبین سمیت کروڑوں افراد نے شرکت کی انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا جنہوں نے اپنی آور اپنے خاندان کی جان دے کر بزرگ شیطان امریکہ اور اسرائیل کے خلاف ایرانی قوم اور امت مسلمہ کو جہاد کا راستہ بتایا جس پر چل کر آج ایران دنیا میں سرخرو ہوا اور امریکہ کو مذاکرات پر مجبور کیا انہوں نے حقیقی معنوں میں اسلام کی ترجمانی کی ہے انہوں نے اپنے ردعمل میں کہا کہ اہم بات یہ ہے کہ ان کے جنازے میں جو بھی بیرون ممالک سے وفود شریک ہوئے ان کے لیے قرآن پاک کی علیحدہ علیحدہ آیات مبارکہ تلاوت کی جاتی جن میں ہر ملک کے لیے الگ پیغام تھا ایسا منفرد نظارہ شاید تاریخ میں پہلی بار دیکھا گیا اس سے یہ بھی عیاں تھا کہ ایران اسلام کی سربلندی اور امت مسلمہ کے کفر کے مقابلے میں متحد ہونے کے لیے کتنا بے چین ہے یہ محض ایک جنازہ نہیں تھا بلکہ ملت اسلامیہ اور کفر کی طاقتوں کے لیے واضح پیغام تھا انہوں نے مزید کہا کہ سوائے اسرائیل کے ہمنوا عرب امارات کے تمام عرب اور خلیجی ممالک نے جنازے میں شرکت کر کے انہیں خراج عقیدت پیش کیا کروڑوں افراد انہیں سفر آخرت پر روانہ کرنے کے لیے موجود تھے شاید یہ تاریخ کا بڑا جنازہ تھا جسے مدتوں یاد رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 23

امکان، LNG کی قیمت میں 17.16 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق گیس صارفین کیلئے بری خبر سامنے آئی ہے جس سے سوئی گیس کی قیمت بڑھنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے ذرائع کے مطابق ملک میں لیکویفائیڈ نیچرل گیس (ایل این جی) کی قیمتوں میں 17.16 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا جبکہ قیمتوں میں اضافے کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا اس حوالے سے ذرائع کے مطابق سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) کے نظام پر ایل این جی کی قیمت میں 54.2 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو اضافہ کیا گیا جس کے بعد نئی قیمت 52.19 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کر دی گئی ہے جبکہ اسی طرح سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے نظام پر ایل این جی کی قیمت میں 59.2 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو اضافہ کیا گیا ہے، خود ساختہ اضافہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ سمیت اردگرد کے شہروں و دیگر علاقوں میں ایل پی جی گیس سلنڈر کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کر دیا گیا ہے جس کے باعث گیس صارفین کی بڑی تعداد شدید مشکلات سے دوچار ہو کر رہ گئی ہے عوامی حلقوں کے مطابق حکومت کی طرف سے آئے روز ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں کمی کر رہی ہے جبکہ ادھر مانسہرہ میں گیس سلنڈر فروخت کرنے والوں نے شہر سمیت اردگرد کے علاقوں میں ایل پی جی کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کر کے خوب عوام کو لوٹ رہے ہیں مانسہرہ کے شہری و عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے گیس سلنڈرز کی خود ساختہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کا فوری نوٹس لینے اور گراں فروش گیس ڈیلرز کے خلاف فی الفور قانونی کارروائی عمل میں لانے کے علاوہ ایل پی جی سلنڈر کی قیمتوں کم کروانے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 24

کر دینا چاہیے، ہم ہر سال مون سون کے موسم میں عوام کو تباہی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ہمارے جانور۔ مویشی زمینیں۔ کھڑی فصلیں۔ گھر اور انسانی جانیں تک ضائع ہو جاتی ہیں اور یہ اس وجہ سے ہوتی ہیں کہ ہم مون سون سے پہلے آگاہی مہم شروع ہی نہیں کرتے۔ این ڈی ایم اے ایک ادارہ حکومت نے بنایا ہے اس کا کام ہے کہ مون سون کے آغاز سے قبل ہی تمام احتیاطی تدابیر عام آدمی تک پہنچائے تاکہ وہ الرٹ رہے اور ان کا جانی و مالی نقصان نہ ہو سکے بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ سیلاب میں آنے والے ریلے یا جتنا پانی ہے اس کو بھی اسٹوریج کیا جائے اور اس کا بھی فائدہ اٹھایا جائے جدید قومیں بارش کے پانی کو بھی ضائع نہیں ہونے دیتیں میری اس حوالے سے تجویز ہوگی کہ ماہرین کی ایک ٹیم بنائی جائے اور اس مرتبہ جو سیلاب کا پانی ہو اس کو سٹور کرنے کا بھی ایک طریقہ کار اپنایا جائے اور اس کا فائدہ بھی اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی کے لیے آگاہی مہم کا ہونا بہت ضروری ہے

بقیہ نمبر 25

دھدڑ، جاہلر، ڈھوک پڑا مرووال، گہی سرکی اور احمد خان کالونی سمیت مختلف دیہات کا دورہ کیا اور علاقائی عمائدین سے ملاقاتیں کیں دورے کے دوران اٹارنی جنرل ملک منصور عثمان اعوان نے موضع دھدڑ میں میپل لیف سیمنٹ گروپ کے تعاون سے 3 کروڑ 40 لاکھ روپے کی خطیر لاگت سے سولر واٹر سپلائی سکیم کا باقاعدہ افتتاح کیا منعقدہ تقریب اور مختلف دیہات میں کارنر میٹنگز سے

خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وادی سون کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اس خطے کی تعمیر و ترقی ان کا اولین مشن ہے انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وہ علاقے کے پسماندہ طبقات کی حالت زار بدلنے اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے اس موقع پر ممتاز سیاسی و سماجی رہنما ملک احمد سرفراز اعوان نے بھی تقریب اور کارنر میٹنگز سے خطاب کیا انہوں نے ایک بڑا سیاسی اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ جنرل الیکشن میں حلقہ این اے 87 سے قومی اسمبلی کی نشست کے لیے ملک منصور عثمان اعوان الیکشن لڑیں گے انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد سیاست کے ذریعے عوام کی بے لوث خدمت کرنا اور وادی سون کے دیرینہ مسائل کو ایوان بالا میں اٹھانا ہے ملک احمد سرفراز اعوان کے اس اعلان کا کارنر میٹنگز میں موجود شرکا اور علاقائی عمائدین نے بھرپور خیر مقدم کیا تقریب اور میٹنگز میں موجود تمام شرکا نے یک زبان ہو کر مکمل اور بھرپور سیاسی حمایت کا اعلان کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آنے والے انتخابات میں انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرانے کے لیے دن رات ایک کر دیں گے افتتاحی تقریب اور کارنر میٹنگز میں ضلعی کوارڈینیٹر ملک امیر حیدر سنگھا، سابق ایم پی اے ملک مختار احمد اعوان، ملک عثمان الحق اعوان علاقے کی سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور واٹر سپلائی اسکیم کے قیام پر اٹارنی جنرل پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 26

مہمانِ خصوصی مصر سے تشریف لائے ہوئے جامعۃ الازہر کے ممتاز عالم دین فضیلۃ الشیخ پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالرحیم البیومی تھے، جو جامعۃ الازہر میں کلیۃ اصول الدین والدعوۃ بالزقازیق کے عمید اور مصر کے المجلس الاعلیٰ للشئون الاسلامیۃ کے رکن ہیں۔ انہوں نے علمی و فکری گفتگو میں ازہری منہج، اعتدال، دینی خدمت اور امتِ مسلمہ کے علمی روابط کی اہمیت پر اظہارِ خیال کیا۔ فضیلۃ الشیخ نے تصوف کے موضوع پر بھی نہایت وقیع گفتگو فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ تصوف دین کا اصل ہے، جبکہ حدیثِ جبریل کے حوالے سے انہوں نے خصوصی درس ارشاد فرمایا۔ اس موقع پر معزز مہمانانِ گرامی میں ڈاکٹر نعیم الدین الازہری، سید ضیاء اللہ شاہ صاحب، ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن شاہ صاحب، پیر سید علی جواد شاہ میرا شریف، ڈاکٹر ثناء اللہ الازہری، ڈاکٹر مجیب الرحمٰن، ڈاکٹر سہیل مجید شیخ، ڈاکٹر رفاقت علی جلالی، مفتی صدیق سعدی، پروفیسر سید اختر صدیقی، علامہ طاہر اقبال چشتی، حافظ حسنین چشتی، حافظ ذیشان، طاہر رشید، ریحان طاہر، الحاج شیخ لطیف، ڈاکٹر اجمل فاروق، ڈاکٹر سجاد، قاری رفیق اعوان صاحب، پروفیسر طاہر عباس اور محمد ابراہیم بھٹی سمیت دیگر احباب نے شرکت کی۔ شرکاء نے آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف کی علمی، دینی اور روحانی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا اور اس نشست کو اہلِ علم، مشائخ اور دینی شخصیات کے درمیان محبت، اکرام اور علمی رابطے کا خوبصورت مظہر قرار دیا۔

بقیہ نمبر 27

کی تجہیز و تکفین کی تکمیل کے بعد شروع کیا جائے گا جس میں دونوں ممالک کے درمیان اہم معاملات پر بات چیت متوقع ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مذاکرات کے دوران ایران پر عائد پابندیوں، ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی اور ایرانی جوہری پروگرام سمیت متعدد اہم امور زیر غور آئیں گے۔ العربیہ کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان حال ہی میں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں بلاواسطہ مذاکرات ہوئے تھے، جنہیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تعمیری قرار دیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق دوحہ مذاکرات کے بعد ایران نے دعویٰ کیا تھا کہ مذاکرات میں اس کے منجمد اثاثوں میں سے چند ارب ڈالر بحال کرنے پر اتفاق ہوا ہے، تاہم امریکا نے ایرانی دعوؤں کی تردید کی تھی۔

بقیہ نمبر 28

سبزیوں اور پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی نہ آسکی، جبکہ متعدد علاقوں میں سرکاری ریٹ لسٹ کی کھلم کھلا خلاف ورزی جاری ہے۔ شہریوں نے صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے فوری اور سخت نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کے مطابق مری کے مختلف بازاروں میں گوشت، سبزیاں اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء سرکاری نرخ نامے کے بجائے دکانداروں کی مرضی کے مطابق فروخت کی جا رہی ہیں۔ مٹن سرکاری نرخ سے کہیں زیادہ، تقریباً 2700 روپے یا اس سے زائد فی کلو فروخت ہو رہا ہے، جبکہ بیف بھی مقررہ قیمت کے مقابلے میں کئی سو روپے زائد وصول کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح سبزیوں کی قیمتیں بھی سرکاری ریٹ لسٹ سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ دوسری جانب پبلک ٹرانسپورٹ میں بھی اوور چارجنگ کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ کلڈنہ، سنی بینک، گھوڑا گلی اور دیگر روٹس پر مقررہ کرایوں کے باوجود مسافروں سے اضافی کرایہ وصول کیا جا رہا ہے، جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بیشتر دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں نہیں، جبکہ بعض دکاندار یہ موقف اختیار کرتے ہیں کہ انہیں منڈی سے ہی سرکاری نرخوں کے مطابق سامان دستیاب نہیں ہوتا، جس کے باعث وہ زیادہ قیمت وصول کرنے پر مجبور ہیں۔ عوام کا مطالبہ ہے کہ اس معاملے کی بھی مکمل تحقیقات کی جائیں اور سپلائی چین میں موجود بے ضابطگیوں کا خاتمہ کیا جائے۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اپیل کی ہے کہ مری میں خود ساختہ مہنگائی، ناجائز منافع خوری اور اوور چارجنگ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو سخت کارروائی کا حکم دیا جائے، تمام بازاروں میں ریٹ لسٹ پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ٹرانسپورٹ کرایوں کی سخت مانیٹرنگ کی جائے اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف فراہم ہو سکے۔

بقیہ نمبر 29

کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور قمار بازی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلہ میں تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے قمار بازی میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین قمار بازوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان

کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی نقدی، آلات قمار بازی اور کمپیوٹرز برآمد کر لئے گئے۔ ملزمان کیخلاف قمار بازی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 30

آمنے سامنے ہوں گے۔ بھمبر (3 حلقے): 63 امیدوار دوڑ میں شامل ہیں۔ ضلع نیلم (2 حلقے): 51 امیدوار الیکشن لڑ رہے ہیں۔ جہلم ویلی: 34 امیدوار میدان میں ہیں۔ مہاجرین جموں و کشمیر (12 مخصوص نشستیں): پاکستان بھر میں مقیم مہاجرین کی نشستوں پر 126 امیدوار آمنے سامنے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق 24 رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کو ان کے انتخابی نشانات الاٹ کر دیے گئے ہیں، جبکہ آزاد امیدواروں کو بھی جلد نشانات جاری کر دیے جائیں گے۔ حتمی فہرست سامنے آنے کے بعد بڑی سیاسی جماعتوں کی صف بندی کھل کر سامنے آ گئی ہے: مسلم لیگ (ن): 45 میں سے 44 حلقوں پر امیدوار کھڑے کیے ہیں اور مہاجرین کی ایک نشست ویلی 6 پر آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے ساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی): 43 حلقوں میں اپنے امیدوار نامزد کیے ہیں، جبکہ ایل اے 21 پلندری ※ پر جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے ساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی ہے اور بھمبر شہر کی سیٹ کو اوپن چھوڑ دیا ہے۔ آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس: سابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد خان کی قیادت میں 37 حلقوں پر انتخابات لڑ رہی ہے۔ استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی): مرکزی صدر عبدالعلیم خان اور آزاد کشمیر کے صدر و سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس کی قیادت میں 35 حلقوں میں پہلی بار بھرپور طریقے سے میدان میں اتری ہے۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی): پی ٹی آئی نے ان عام انتخابات کا مکمل بائیکاٹ کر رکھا ہے۔ جماعت اسلامی آزاد کشمیر اور جموں و کشمیر پیپلز پارٹی نے بھی امیدوار میدان میں اتارے ہیں سیاسی تجزیہ کاروں کے مطابق، اس مرتبہ آزاد کشمیر کے بیشتر حلقوں میں روایتی ون ٹو ون ※ (دوطرفہ) مقابلوں کی بجائے مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی، مسلم کانفرنس اور آئی پی پی کے درمیان مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ متعدد حلقوں میں مضبوط آزاد امیدوار بھی موجود ہیں جو سیاسی جماعتوں کے پکے ووٹ بینک میں نقب لگا کر انتخابی نتائج کو یکسر تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ امیدواروں کی حتمی فہرست اور انتخابی نشانات کے مرحلے کے بعد اب انتخابی حلقوں میں جلسوں، کارنر میٹنگز اور عوامی رابطہ مہم میں نمایاں تیزی آ گئی ہے اور تمام جماعتیں اقتدار کے ہما کو اپنے سر بٹھانے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 31

کا اعلان کر دیا، بابر اعظم کو ٹیسٹ ٹیم کا کپتان مقرر کر دیا گیا۔ لاہور میں سلیکشن کمیٹی کے رکن عاقب جاوید نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے قومی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کیا۔ پاکستان کی 16 رکنی اسکواڈ میں بابر اعظم کپتان، شان مسعود، امام الحق، اذان اویس، عبداللہ فضل، سلمان علی آغا، غازی غوری اور محمد رضوان شامل ہوں گے۔ اسکواڈ میں ساجد خان، علی عثمان، عامر جمال، محمد علی، محمد عباس، عبید شاہ، اویس ظفر اور خرم شہزاد بھی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 32

پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جانب سے میرے خلاف ذاتی حملے کرنے یا مجھے ذہنی طور پر غیر مستحکم قرار دینے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 33

ای کیلئے روتا دیکھ کر حیران ہوں، سمجھتا تھا ایرانی ان سے نفرت کرتے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا اگر چاہتے تو خامنہ ای کے جنازے میں موجود تمام افراد کو نشانہ بنا سکتے تھے لیکن وہ ایسا نہیں کریں گیکیونکہ اس صورت میں مذاکرات کے لیے کوئی فریق باقی نہیں رہے گا، ایران اور امریکا نے باہمی اتفاق سے مذاکرات میں عارضی وقفہ کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 34

تعلق رکھنے والے ملزم کے ساتھ سلوک بھی ویسا ہی سلوک کر رہی ہے جیسا دوسرے ملزمان کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی خواتین اغوا کیس سے متعلق لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ غیر ملکی خواتین کے ساتھ مبینہ زیادتی کا کیس کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کا نہیں بنتا، اس لیے اس کی تحقیقات لاہور پولیس کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پولیس کے اندر قائم ریپ سیل اس مقدمے کا جائزہ لے رہا ہے، اسی وجہ سے سی سی ڈی اس کیس میں شامل نہیں ہے، اگرچہ ماضی میں اس نوعیت کے مقدمات سی سی ڈی بھی دیکھتی رہی ہے۔ فیصل کامران کے مطابق 26 جون کو دونوں غیر ملکی خواتین اسلام آباد پہنچیں، جبکہ 29 جون کو لاہور آئیں۔ یکم جولائی کی رات تقریباً بارہ بجے سیف سٹی اتھارٹی کو اطلاع ملی کہ ایک شخص کارلوس نے بتایا ہے کہ اس کی بیٹی پاکستان میں اغوا ہو گئی ہے اور اغوا برائے تاوان کی کال موصول ہوئی ہے

بقیہ نمبر 35

حاتمی نے کہا کہ ایران کی مسلح افواج سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای کی قیادت میں بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اپنے فرائض انجام دیتی رہیں گی

بقیہ نمبر 36

سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ امریکا میں مقیم پاکستانی ڈاکٹرز پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی پیشہ ورانہ مہارت سے ملک بھر میں استفادہ کیا جائے گا

بقیہ نمبر 37

راولپنڈی پولیس کے مطابق سینئر افسران کی بہترین حکمت عملی کی وجہ سے قلیل وقت میں بغیر کسی ناخوشگوار واقعہ کے تمام فرار حوالاتیوں کو گرفتار کر لیا گیا

بقیہ نمبر 38

دشوار گزار علاقے کے باوجود ریسکیو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے زخمی خواتین تک رسائی حاصل کی اور انہیں گاڑی سے بحفاظت باہر نکالا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ دونوں زخمی خواتین کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، جس کے بعد انہیں مزید علاج کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ امدادی کارروائی کے دوران ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ خواتین کو محفوظ طریقے سے کھائی سے نکالا

بقیہ نمبر 39

میں لے لیا۔ بھارتی جریدہ دی وائر کے مطابق مودی حکومت پر اثر انداز ہندوتوا تنظیم آر ایس ایس کیساتھ حکومتی حلقوں کی اہم شخصیات بھی وفاداری رکھتی ہیں

بقیہ نمبر 40

بعد ٹرین کی بحالی کے لیے ملتان سے ریلیف ٹرین روانہ کر دی گئی ہے، جبکہ متاثرہ بوگی کو ہٹا کر ٹرین کی جلد روانگی یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ترجمان ریلوے ملتان ڈویژن کا کہنا ہے کہ واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں جب کہ ٹریک کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے

بقیہ نمبر 41

کے بریک ڈاؤن کے باعث کئی تقریبات منسوخ ہوئیں۔ گرمی کی وجہ سے واشنگٹن ڈی سی میں یوم آزادی پریڈ منسوخ کر دی گئی، امریکا میں 15 کروڑ سے زائد افراد کو گرمی کا سامنا کرنا پڑا۔ گزشتہ روز واشنگٹن، ورجینیا اور نارتھ کیرولینا میں درجہ حرارت 38 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 42

آر درج ہوئی، ملزمان پکڑے گئے، متاثرہ خواتین کو بازیاب کرایا گیا، بہت سنگین نوعیت کے الزامات ہیں، جب کوئی کیس حساس ہوتا ہے تو میڈیا اقدار یہی ڈیمانڈ کرتی ہیں

بقیہ نمبر 43

اختیار اور آئینی نظام پر کاری ضرب لگائی گئی۔ شیری رحمان نے کہا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف کیا گیا غیر آئینی اقدام دراصل عوام کے حق رائے دہی اور جمہوری مستقبل پر حملہ تھا

بقیہ نمبر 44

ایک لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 65.110 روپے لیوی، ٹیکس اور مارجنز وصول کیے جا رہے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق ایک لیٹر پیٹرول کی بنیادی لاگت 178 روپے 77 پیسے بنتی ہے تاہم حکومت نے شہریوں کے لیے فی لیٹر قیمت 297 روپے 53 پیسے مقرر کی ہے

بقیہ نمبر 45

گئے فائنل میں آسٹریلیا نے 151 رنز کا ہدف 1.17 اوور میں 3 وکٹوں پر حاصل کیا۔

بقیہ نمبر 46

خدمات انجام دیں گے، حکام کے مطابق ایس ایس یو کے پہلے بیچ کو چینی زبان کا خصوصی کورس بھی مکمل کرایا گیا ہے تاکہ غیر ملکیوں سے بہتر رابطہ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 47

اپریل کو اسرائیل کی جانب سے اس اقدام کی اطلاع دی تھی۔ اس وقت اس رپورٹ کو "غیر ملکی ذرائع" سے منسوب کیا گیا تاہم اب اسرائیلی وزیر ٹرانسپورٹ مری ریجیو نے عوامی سطح پر اس رپورٹ کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ نمبر 48

جب اصغر ولد ساجد بلوچ دکان میں کام کر رہا تھا کہ اچانک بجلی کا کرنٹ لگنے سے وہ شدید زخمی ہو گیا۔

بقیہ نمبر 49

بھی کرتے ہیں، تاہم اسپتال میں نصب ڈبوں سے متعلق ابھی تک کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ ہسپتال انتظامیہ نے اس حوالے سے نوٹس لیتے ہوئے اپنے سیکیورٹی عملے کو ہدایت جاری کر دی ہے۔ اسپتال کے ایک سینئر ملازم نے اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ ہسپتال کی جانب سے داخلی دروازوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا ہے، تاہم تاحال کوئی واضح جواب موصول نہیں ہوا۔ اس بارے میں سیکیورٹی کے عملے کو بھی اطلاع دی گئی ہے، لیکن کوئی شواہد سامنے نہیں آئے

بقیہ نمبر 50

ہیڈ عبدالجمیل جویا مسلح حملے میں جاں بحق ہو گئے۔ سابق سیکیورٹی اہلکار پیر کو صوبہ بدخشاں کے علاقے فیض آباد میں قاتلانہ حملے کے نتیجے میں شدید زخمی ہو گئے تھے۔

بقیہ نمبر 51

سمیت دیگر رکن ممالک کے نمائندوں نے شرکت کی اور عالمی توانائی مارکیٹ کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اوپیک نے بتایا کہ سات رکن ممالک کا آئندہ اجلاس 2 اگست 2026 کو منعقد ہوگا، جس میں پیداوار کی سطح اور عالمی منڈی کی صورتحال کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 52

آئی، اسی دوران مبینہ ملزم سعد نے گروپ کیپٹن عاصم کے ساتھ بدکلامی شروع کر دی اور کچھ ہی لمحوں میں ان پر فائر کھول دیا۔ گروپ کیپٹن عاصم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے، جبکہ ملزم موقع سے فرار ہو گیا۔

بقیہ نمبر 53

جی نہیں عزت کے بھی رکھوالے ہیں۔

بقیہ نمبر 54

میلوڈی میں کیش اینڈ کیری اسٹور پر کام کرتے تھے، پہلے بھی دو مرتبہ یہ اکٹھے آئے، آج ملزم خاتون کو پارک یا کسی اور جگہ لے جانا چاہتا تھا، خاتون نے انکار کیا تو لڑکے نے زبردستی شروع کر دی

بقیہ نمبر 55

کے جاری اعلامیہ کے مطابق نجی ٹور آپریٹرز کے ذریعے حج کرنے والے حجاج اپنی شکایات کے ازالے کیلئے وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال کے پرائیویٹ حجاج کرام سے فیڈ بیک طلب کر لیا ہے۔ حج کرنے والے حجاج نجی کمپنیوں کے خلاف اپنی شکایات اور اعتراضات یا تجاویز 20 جولائی تک جمع کروا دیں

بقیہ نمبر 56

جہازوں سے ٹرانزٹ نہیں سروس فیس وصول کرے گا، اس منصوبے کی امریکا نے مخالفت کی ہے۔ بیجنگ میں ورلڈ پیس فورم سے خطاب کرتے ہوئے چین میں ایرانی سفیر عبدالرضا رحمانی فضلی نے کہا کہ ایران عمان کے تعاون سے آبی گزرگاہ کے لیے نئے انتظامات پر کام کر رہا ہے

بقیہ نمبر 57

ہے، اتفاق رائے سے قانون سازی کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ نجی پراپرٹی سے فائبر بچھانے کیلئے مالک کی اجازت لازم ہوگی، ٹیلی کمیونیکیشن ایکٹ کا بل 6 ترامیم کے ساتھ منظور کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو کسی ایک کمپنی کو نوازنے کے شواہد نہیں ملے، کمیٹی نے بل میں تمام سقم دور کرنے کی ہدایت کی ہے۔

اسلام آباد، عالمگیر خان، قادر خان ودیگر جی سیون تھری میں کاروباری مرکز کا افتتاح کر رہے ہیں

گوجرخان سرکل ریونیو آفیسر پر الزامات، محکمانہ کارروائی شروع کرنے کی سفارش

سرکاری یوزر آئی ڈی استعمال کرتے ہوئے مبینہ طور پر ردوبدل شدہ ریکارڈ کی بنیاد پر قیمتی نجی اراضی ایک شخص کے نام منتقل کر دی گئی

سکینڈل میں سابق پٹواری راجہ ممتاز علی کے خلاف بھی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو ریفرنس بھجوایا جا چکا ہے، ذرائع

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تحصیل گوجرخان میں تعینات سرکل ریونیو آفیسر ایک بڑے ریونیو سکینڈل کی زد میں آ گئے۔ ڈپٹی کمشنر مری نے ان کے خلاف مبینہ طور پر ریکارڈِ مال میں جعلسازی، غیر قانونی انتقالات کی منظوری اور سرکاری اختیارات کے غلط استعمال کے الزامات پر فوجداری مقدمہ درج کرنے اور پیڈا کے تحت محکمانہ کارروائی شروع کرنے کی باضابطہ سفارش کمشنر راولپنڈی ڈویژن کو ارسال کر دی۔ ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، رکن اسمبلی وصدر YPF کی چیئرپرسن نوشین افتخار کو شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

آٹے کی قیمتوں میں اضافہ، ریٹیل سطح پر 10 روپے فی کلو تک مہنگا

ریٹیل میں ڈھائی نمبر آٹا 10 روپے مہنگا ہو کر 160 روپے فی کلو، فائن آٹا 10 روپے اضافے کے ساتھ 170 روپے فی کلو فروخت

گندم وافر ہونے کے باوجود آٹے کی قیمتوں میں اضافہ سمجھ سے بالاتر، حکومت مافیا کیخلاف کارروائی کرے، فرید قریشی

لاہور (آئی این پی) آٹے کی قیمتوں کو پر لگ گئے اور ریٹیل کی سطح پر 10 روپے فی کلو تک مہنگا ہو گیا۔ ریٹیل میں ڈھائی نمبر آٹا 10 روپے مہنگا ہو کر 160 روپے فی کلو تک پہنچ گیا جبکہ فائن آٹا 10 روپے اضافے کے ساتھ 170 روپے فی کلو تک میں فروخت ہونے لگا۔ ریٹیلرز ایسوسی ایشن نے اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ جنرل سیکرٹری ریٹیلرز ایسوسی ایشن فرید قریشی کا کہنا ہے کہ گندم وافر مقدار میں ہونے کے باوجود آٹے کی قیمتوں میں اضافہ سمجھ سے بالاتر ہے، حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پاکستان سعودی عرب تعاون کے فروغ میں محمد عامر خان کا اہم کردار

سرمایہ کاری کرکٹ صحت تعلیم اور افرادی قوت کے شعبوں میں متعدد اہم منصوبوں پر پیش رفت

جدہ (نمائندہ شہرنامہ) سعودی عرب میں پیدا ہونے والے معروف کاروباری شخصیت اور سرمایہ کار محمد عامر خان کو حال ہی میں اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل اور وزیراعظم پاکستان کے دفتر کی جانب سے اعزازی سرمایہ کاری مشیر مقرر کیا گیا ہے اس تقرری کے بعد وہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سرمایہ کاری تجارت کھیل افرادی قوت کی ترقی صحت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پنجاب: قیدیوں سے اہلخانہ کی ملاقات کیلئے موبائل ایپلیکیشن متعارف

موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے شہری اب گھر بیٹھے قیدیوں سے ملاقات کیلئے وقت طے کر سکیں گے، مقصد سہولت فراہم کرنا ہے

موبائل ایپ کے ذریعے شہری اپنی سہولت کے مطابق ملاقات کا وقت مقرر کر سکیں گے، جیل پر بھی دباؤ کم ہوگا

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت نے قیدیوں کے اہلخانہ کی سہولت کیلئے موبائل ایپلیکیشن متعارف کرا دی، جس کے ذریعے شہری اب گھر بیٹھے قیدیوں سے ملاقات کے لئے وقت طے کر سکیں گے۔ حکام کے مطابق نئی ایپ کا مقصد جیلوں میں آنے والے شہریوں کو جدید اور آسان سہولت فراہم کرنا ہے، تاکہ ملاقات کے لئے طویل انتظار اور غیر ضروری رش سے بچا جا سکے۔ ایپ کے ذریعے شہری اپنی سہولت کے مطابق ملاقات کا وقت مقرر کر سکیں گے، جس سے جیلوں میں ملاقات کے نظام کو مزید منظم اور موثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

اپیسما کابینہ اجلاس، ممبر سازی، فنڈز، آڈٹ اور تنظیمی امور پر اہم فیصلے

ممبر سازی، کابینہ کی کارکردگی، آئندہ کے لائحہ عمل، فنڈز، آڈٹ اور تنظیمی معاملات پر غور

اڈیالہ (نامہ نگار) اپیسما کی کابینہ کا اہم اجلاس، ممبر سازی، فنڈز، آڈٹ اور تنظیمی امور پر اہم فیصلے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی اپیسما کی ضلعی کابینہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں درود و سلام پیش کرنے سے کیا گیا۔ اجلاس میں ممبر سازی، کابینہ کی کارکردگی، آئندہ کے لائحہ عمل، فنڈز، آڈٹ اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی فنانس سیکرٹری وومن ونگ مس دلشاد سحر نے کہا کہ تمام تعلیمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

جنڈ پریس کلب، جرنلسٹ پروٹیکشن بل کی منظوری خوش آئند

دومیل (بیورو چیف رپورٹ) جنڈ پریس کلب کے جملہ اراکین نے جرنلسٹ پروٹیکشن بل کی منظوری کو خوش آئند قرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

عقیدہ ختم نبوت اسلام کا بنیادی اور متفقہ عقیدہ ہے، پیر شعبان فرید

اڈیالہ (نامہ نگار) عقیدہ ختم نبوت اسلام کا بنیادی اور متفقہ عقیدہ ہے۔ تحفظ عقیدہ ختم نبوت ہمارا مشن ہے۔ محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آل رسول، اصحابہ کرام اور اولیائے کرام ہمارے خون میں شامل ہیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو ختم نبوت کے عقیدے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

آزاد کشمیر میں کشیدگی فوری ختم کی جائے، پاکستان نظریاتی پارٹی

پوری کشمیری قوم کو غدار قرار دینا ناقابل قبول ہے، شہیر حیدر سیالوی، سردار زبیر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان نظریاتی پارٹی کے چیئرمین شہیر حیدر سیالوی اور آزاد کشمیر کے پارٹی چیئرمین سردار زبیر خان نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، حکومت اور عوامی ایکشن کمیٹی کے درمیان اختلافات مذاکرات کے ذریعے فوری حل کیے جائیں تاکہ پاکستان اور کشمیر کے درمیان اعتماد کو نقصان نہ پہنچے۔ شہیر حیدر سیالوی نے کہا کہ کشمیری عوام نے ہمیشہ پاکستان سے محبت کی ہے اور پاکستان کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں، تاہم حالیہ حالات اور بعض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

LPG سلنڈر کی قیمتوں میں اضافہ، عوام کو مشکلات کا سامنا

گراں فروش گیس ڈیلرز کیخلاف فی الفور قانونی کارروائی کا مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ملک میں سوئی گیس کی قیمت بڑھنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مون سون بارے اقدامات کی ضرورت ہے، حنیف مغل

حکومت پاکستان کو فوری طور پر آگاہی مہم کا آغاز کر دینا چاہیے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ حکومت کو موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے ابھی مون سون بارے اقدامات کی ضرورت ہے خاص طور پر سیلابوں سے بچنے کے لیے بروقت اور موثر اقدامات ضروری ہیں، ن سون کا موسم شروع ہونے والا ہے اس کے لیے حکومت پاکستان کو فوری طور پر آگاہی مہم کا آغاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

خامنہ ای کی خدمات مدتوں یاد رکھی جائیں گی، خادم طاہر

اسلام آباد (خبر نگار) المصطفیٰ رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم حسین طاہر نے کہا ہے کہ شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی نماز جنازہ تہران میں ادا کر دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد سکیورٹی ہائی الرٹ: 41 گرینڈ سرچ آپریشن

داخلی و خارجی راستوں پر موثر نگرانی، 84 مشکوک افراد تھانوں میں منتقل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی صورتحال کو مزید موثر بنانے کے لیے آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر شہر بھر میں بڑے پیمانے پر گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز جاری ہیں۔ گزشتہ سات روز کے دوران اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں 41 سرچ آپریشنز کیے گئے، جن کی نگرانی زونل ایس پیز نے کی، جبکہ لیڈیز پولیس نے بھی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ سرچ آپریشنز کے دوران 3 ہزار 104 افراد، ایک ہزار 438 گھرانوں، 246 ہوٹلز، 312 دکانوں، ایک ہزار 588 موٹر سائیکلوں اور 616 گاڑیوں کی جامع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

باعمل حافظ قرآن والدین کیلئے باعث بخشش ہوگا، مفتی قاری رضوی

قرآن پاک کی تلاوت کیساتھ ترجمہ پڑھنے کا بھی اہتمام ضروری

اڈیالہ (نامہ نگار) خوش بخت ہیں وہ والدین جن کی اولاد حافظ قرآن ہے۔ باعمل حافظ قرآن والدین کے لیے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

جماعت اسلامی کے وفد کی شہید خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت

ڈائریکٹر امور خارجہ آصف لقمان قاضی، نائب امیر لیاقت بلوچ وفد میں شامل

تہران (پ ر) جماعت اسلامی پاکستان کے وفد نے نائب امیر جماعت اسلامی و سیکریٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ کی قیادت میں تہران کے معلیٰ امام خمینی کمپلیکس میں شہید رہبر آیت اللہ خامنائی اور ان کے خاندان کے شہداً کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ وفد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اڈیالہ، حافظ محمد عبداللہ کے قرآن پاک حفظ کرنے کی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

اٹارنی جنرل ملک منصور کا وادی سون کا دورہ

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور خطے کی تعمیر و ترقی اولین مشن قرار

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) اٹارنی جنرل آف پاکستان ملک منصور عثمان اعوان نے اپنے آبائی علاقے وادی سون کا تفصیلی دورہ کیا انہوں نے موضع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف میں "بزمِ علم و اکرام" کا انعقاد

اعتدال، دینی خدمت اور امتِ مسلمہ کے علمی روابط کی اہمیت پر اظہارِ خیال

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف میں "بزم علم و اکرام" کے عنوان سے ایک باوقار علمی و روحانی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت سجادہ نشین آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف حضرت قبلہ پیر جمیل الرحمٰن نقشبندی مجددی نے فرمائی، جبکہ صاحبزادہ محمد سعد الرحمٰن نقشبندی مجددی کی سرپرستی اور خصوصی خطاب نے محفل کو مزید وقار بخشا۔ نشست کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، عیدگاہ شریف میں تقریب سے سجادہ نشین جمیل الرحمٰن نقشبندی، ڈاکٹر محمد عبدالرحیم، صاحبزادہ سعد الرحمٰن ودیگر خطاب کر رہے ہیں

گوجرخان سے اغواء لڑکی دینہ سے بازیاب

جسم پر تشدد کے نشانات، پولیس نے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر سے مبینہ طور پر اغواء ہونے والی کمسن لڑکی کو پولیس نے کامیاب کارروائی کے دوران ضلع جہلم کے علاقے دینہ سے بازیاب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق لڑکی کی بازیابی کے لیے گوجرخان پولیس نے مسلسل کارروائیاں کیں، جبکہ مقامی صحافیوں کی جانب سے بھی معلومات کی فراہمی میں تعاون کیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق بازیاب ہونے والی لڑکی کے جسم پر مبینہ تشدد کے نشانات پائے گئے ہیں، جس کے باعث اسے طبی معائنے کے لیے بھیج دیا گیا ہے تاکہ حقائق سامنے لائے جا سکیں۔ تھانہ گوجرخان میں متاثرہ لڑکی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سی ڈی اے کی مبینہ غلطی، کھنہ کاک کی اراضی پنڈوریاں قبرستان نقشے میں شامل

متعدد شہریوں کے مکانات زد میں آ گئے، رہائشیوں کا وزیر داخلہ سے مداخلت کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی): وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے موضع کھنہ کاک اور موضع پنڈوریاں میں مجوزہ سی ڈی اے ماڈل قبرستان کے منصوبے پر تنازع شدت اختیار کر گیا ہے۔ متاثرہ رہائشیوں کا مؤقف ہے کہ سی ڈی اے پلاننگ ونگ کی مبینہ غلطی کے باعث موضع کھنہ کاک کی نجی ملکیتی اراضی کو موضع پنڈوریاں کی سی ڈی اے ایکوائرڈ اراضی میں شامل کرتے ہوئے قبرستان کا نقشہ تیار کیا گیا، جس کے نتیجے میں متعدد شہریوں کے مکانات اور ملکیتی اراضی منصوبے کی زد میں آ گئی ہے۔ متاثرین کے مطابق اس وقت قبرستان کی باؤنڈری وال حد بندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بڑے دریاؤں میں پانی کی صورتحال معمول پر، بالائی علاقوں میں بارشوں کی پیشگوئی

اسلام آباد، کشمیر، گلگت بلتستان، اٹک، بھکر، چکوال، گجرات، جہلم، خوشاب، میانوالی، راولپنڈی میں بارش، گرج چمک کا امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ تازہ ہائیڈرولاجیکل رپورٹ کے مطابق ملک بھر کے تمام بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح معمول کے مطابق ہے اور کوئی خطرناک صورتحال موجود نہیں جبکہ بالائی علاقوں میں 7 سے 10 جولائی تک بارشوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایران امریکہ مذاکرات کا اگلا دور 11 جولائی سے پاکستان میں شروع ہوگا، سعودی میڈیا کا انکشاف

مذاکرات کا یہ دور ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تجہیز و تکفین کی تکمیل کے بعد شروع کیا جائے گا، العربیہ

مذاکرات میں ایران پر پابندیاں، منجمد اثاثے بحالی، جوہری پروگرام سمیت متعدد اہم امور زیر غور آئیں گے، رپورٹ

ریاض، جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی میڈیا کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کا اگلا دور 11 جولائی سے پاکستان میں شروع ہوگا۔ العربیہ کی رپورٹ مطابق مذاکرات کا یہ دور ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تھانہ کراچی کمپنی پولیس، تین قمار باز رنگے ہاتھوں گرفتار

داؤ پر لگی ہوئی نقدی، آلات قمار بازی اور کمپیوٹرز برآمد کر لئے گئے

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) پولیس تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے قمار بازی میں ملوث تین قمار بازوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے جوئے میں استعمال ہونے والے آلات، کمپیوٹرز اور جوئے پر لگی رقم برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پیٹرولیم مصنوعات سستی، مری میں مہنگائی برقرار

شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

مری (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود مری میں اشیائے خوردونوش، گوشت، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

زونل صدر تحریک منہاج القرآن اسلام آباد راؤ جاوید انجم اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

تحریک منہاج القرآن اسلام آباد زون کی عاملہ کا اجلاس

میر اشتیاق ایڈووکیٹ اور ملک مختار کی والدہ کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) تحریک منہاج القرآن اسلام آباد زون کی عاملہ کا اجلاس ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ میر اشتیاق ایڈووکیٹ اور ملک مختار کی والدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کربلا کا پیغام قیامت تک انسانیت کے لیے مشعلِ راہ رہے گا، جمیل کاظمی

کردارِ حسینی اختیار کرنے والے ہی حقیقی کامیابی کے مستحق ہیں، خطاب

اڈیالہ (نامہ نگار) امام حسینؑ کی جدوجہد ہر دور کے یزید کے خلاف حق کی ابدی جنگ ہے، کربلا کا پیغام قیامت تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

تھانہ جاتلی مقدمہ: عامر شفیق قریشی کے قانونی دلائل فیصلہ کن ثابت

سپریم کورٹ کے وکیل کی مؤثر پیروی، مقدمہ قانون کی بالادستی کی علامت قرار

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) تھانہ جاتلی کے مقدمہ نمبر 480/23 میں اہم قانونی پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں معروف قانون دان اور ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان عامر شفیق قریشی نے ملزمان کی جانب سے مؤثر قانونی پیروی کرتے ہوئے عدالت کے روبرو جامع اور مدلل دلائل پیش کیے۔ قانونی حلقوں کے مطابق مقدمے کی سماعت کے دوران اٹھائے گئے قانونی نکات متعلقہ عدالتی نظائر اور مؤثر جرح نے کیس کے مختلف پہلوؤں کو واضح کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

قائد ملت جعفریہ ساجد نقوی کی علامہ رمضانی سے ملاقات

رہبرِ انقلاب اسلامی کی شہادت پر تعزیت کا اظہار، باہمی امور پر تبادلۂ خیال

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نمائندۂ ولیِ فقیہ، قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے دبیرِ کل مجمعِ جہانی اہل بیتؑ علامہ رمضانی سے ملاقات کی۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

گوجرخان دعوتِ اسلامی کا عظیم الشان اجتماع 9 جولائی کو ہوگا

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے رکن حاجی وقار المدینہ خصوصی خطاب کرینگے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) دعوتِ اسلامی گوجرخان کے زیرِ اہتمام ہفتہ وار سنتوں بھرا بیان بروز جمعرات 9 جولائی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ملک شمریز کا راجہ یاسر کی بھرپور حمایت کا اعلان

آزاد کشمیر انتخابات میں کامیابی کے لیے ملک گیر مہم چلانے پر اتفاق

کہوٹہ (راجہ عثمان علی) پاکستان نظریاتی پارٹی کے اوورسیز صدر ملک شمریز نے کہوٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پارٹی کے مقامی رہنماؤں اور عہدیداران سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں پارٹی امور، تنظیمی سرگرمیوں اور آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ انتخابات سے متعلق تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اس موقع پر راجہ کامران تاج (پارٹی رہنما)، محمد عادل ستی (صدر پی پی سیون)، مرزا علی رضا (نائب صدر پی پی سیون)، عمران ستی (سینیئر نائب صدر)، عبد الستار گجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

تہران: قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد نقوی اور علامہ شبیر میثمی وفد کے ہمراہ دبیرِ کل مجمعِ جہانی اہلِ بیت علامہ رمضانی سے ملاقات کر رہے ہیں

ریڈیو پاکستان کی معاشی بدحالی وزیراعظم پاکستان نوٹس لیں

بیل آوٹ پیکج ادارے کے معاشی حالات کا واحد حل ہے، متاثرہ ملازمین

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ریڈیو پاکستان کے ریٹائرڈ اور حاضر سروس ملازمین کا کہنا ہے کہ صرف اور صرف وزیراعظم شہباز شریف کی توجہ ہی اس ادارے کو بچا سکتی ہے اس وقت ریڈیو پاکستان کے کم و بیش ساڑھے تین ہزار پنشنرز خاندان کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں ان میں سے کئی ایک تو زندگی کی بازی ہار چکے ہیں دوائیوں اور علاج سے محروم بوڑھے اور بزرگ پنشنرز نے وزیراعظم پاکستان سے اپیل کی ہے کہ انہیں 2020 سے رکی ہوئی گریجویٹی کی رقم دلائی جائے اور حاضر اور ریٹائرڈ ملازمین کو میڈیکل الاؤنس دیا جائے ان کا کہنا ہے کہ ریڈیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

گوجرخان، 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار

بغیر لائسنس اسلحہ بھی برآمد، ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، حکام

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تھانہ گوجرخان پولیس کی کارروائی، ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار، ملزم سے بغیر لائسنس اسلحہ بھی برآمد، ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، ایس پی صدر انعم شیر تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS
شمسی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل اِنک ویرپارٹیز

ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083